جدید

قواعد تحت قانون اسٹامپ

ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۴۳) بابتہ سنہ ۱۳۳۱ف

(سررشتہ اسٹامپ)

ذریعہ مراسلہ معتمد سرکار عالی صیغہ عدالت و کوتوالی و امور عامہ صیغہ رجسٹری

نشان مجاریہ (۵۶۱) واقع ۶ مہر سنہ ۱۳۴۵ف

الحسب الحکم عالیجناب صدر اعظم بہادر باب حکومت باجلاس کونسل

(مندرجہ)

جریدۂ اعلامیہ سرکار عالی مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۴۵ف جزو اول الف ۱۰۲۴ تا ۱۰۷۲ نمبر (۴۶)

(حسب فرمائش)

محمد برہان الدین تاجر کتب قانونی اندرون دروازہ نیاپل مارکٹ

حیدرآباد دکن

سنہ ۱۳۴۷ف

قیمت ۲ روپیہ

جدید

فہرست ابواب قواعد اسٹامپ سرکار عالی

باب دہم متفرق احکام

ملاحظہ ہو صفحہ ۵ مراسلہ بابتہ سنہ ۱۳۴۷ ف وغیرہ

سررشتہ اسٹامپ

مراسلہ معتمد سرکار عالی صیغہ عدالت وکوتوالی و امور عامہ (صیغہ رجسٹری) واقع ۶ مہر ۱۳۴۵ف

نشان مجاریہ (۵۶۱)

حسب الحکم عالیجناب مہاراجہ سر صدر اعظم بہادر باب حکومت باجلاس کونسل

از طرف نواب ذوالقدر جنگ بہادر ایم۔ اے کنٹب بیرسٹر ایٹ لا معتمد سرکار عالی

خدمت انسپکٹر جنرل صاحب رجسٹریشن و اسٹامپ سرکار عالی

مقدمہ :۔ دربارۂ ترتیب قواعد اسٹامپ۔

بجواب مراسلہ نشان (۷۵۹) مورخہ ۱۸ ار خورداد ۱۳۴۵ف ترقیم ہے کہ قواعد اسٹامپ مرسلہ کی منظوری دیجاتی ہے براہ کرم جریدۂ اعلامیہ سرکار عالی مین شائع کرادئے جائین فقط

شرحد ستخط

خواجہ اسد اللہ خان صاحب مددگار معتمد

قواعد تحت قانون اسٹامپ نشان (۴) بابتہ ۱۳۳۱ ف

بہ نفاذ اُن اختیارات کے جو سرکار عالی کو تحت دفعہ (۷۰ و ۷۱) قانون اسٹامپ نشان (۴) بابتہ ۱۳۳۱ ف حاصل ہین حسب ذیل قواعد نافذ کئے جاتے ہین۔

باب اول

مراتب ابتدائی

نام و تاریخ نفاذ | قاعدہ (۱) قواعد ہذا بنام قواعد اسٹامپ موسوم ہو سکینگے اور تاریخ اشاعت جریدہ سے ایک ماہ بعد ممالک محروسہ سرکار عالی مین نافذ ہونگے۔

حد تنسیخ قواعد سابقہ | قاعدہ (۲) تاریخ نفاذ قواعد ہذا سے قواعد اسٹامپ نافذہ تحت قانون اسٹامپ بابتہ ۱۲۹۸ ف اور دیگر گشتیات مجریہ سابقہ کے صرف وہ احکام منسوخ متصور رہونگے جو احکام قواعد ہذا کے مغائر ہون۔

تعریفات | قاعدہ (۳) قواعد ہذا مین۔

(الف) قانون سے "قانون اسٹامپ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۴) بابتہ ۱۳۳۱ ف" مراد ہے۔

(ب) مہتمم اسٹامپ سے "مہتمم اسٹامپ دار الضرب و کاغذ مہور سرکار عالی" مراد ہے اور اس کا اطلاق کسی اور عہدہ دار پر بھی ہوگا جسے سرکار نے مہتمم اسٹامپ کے فرائض کی انجام دہی کے لئے مقرر کیا ہو۔

قاعدہ (۴) بجز اسکے کہ قانون یا قواعد ہذا مین اور طور پر محکوم ہو۔

(۱) جملہ رسوم جو کسی دستاویز کی بابتہ تحت قانون واجب الاخذ ہوں بذریعہ اسٹامپ مجریہ سرکار عالی ادا کیا جائیگا۔ جب کسی اسٹامپ پر کوئی لفظ یا

الفاظ ایسے منقش ہوں جس سے وہ کسی خاص قسم کے دستاویز کے لئے مختص کیا گیا ہو تو وہ کسی دوسری قسم کی دستاویزات کے لئے استعمال نہیں کیا جائیگا ۔

(۲) جملہ دستاویزات کی بابتہ ادائی رسوم اسٹامپ کے اظہار کے لئے دو قسم کے اسٹامپ استعمال ہونگے ۔

(الف) اسٹامپ منقشہ ۔

(ب) اسٹامپ چسپانیدنی ۔

باب دوم

منقشہ اسٹامپ

ہنڈیات | **قاعدہ (۵)** ضمن (۱) ہنڈیات اور بل آف ایکسچینج بجز ان ہنڈیوں کے جس پر قانون اسٹامپ کی دفعہ (۹) کے تحت اسٹامپ چسپانیدنی لگایا گیا ہو مندرجہ ذیل کاغذات پر تحریر کیجائیگی ۔

(الف) ہنڈوی جو سوائے عند الطلب کے اور طریقہ پر واجب الادا ہو لیکن مدت ادائی تاریخ تحریر یا معائنہ سے ایک سال سے زیادہ مقرر نہ ہو اور رقم تیس ہزار سے زیادہ نہ ہو ایسے کاغذ پر تحریر کیجائیگی جس پر مناسب مالیت کا اسٹامپ معہ لفظ ہنڈی منقش یا ٹھپہ کیا گیا ہو ۔

(ب) ہنڈی جس کی مالیت تیس ہزار روپیہ سے زیادہ ہو اور جو تاریخ تحریر یا معائنہ سے ایک سال سے زیادہ عرصہ کے بعد واجب الادا ہو ایسے کاغذات پر تحریر کیجائیگی جو سرکار عالی نے بغرض فروخت مہیا کیا ہو اور جس پر کسی عہدہ دار متذکرۂ قاعدہ (۱۰) قواعد ہذا نے لیبل لگایا ہو اور حسب طریقہ مندرجہ قاعدہ (۱۲) قواعد ہذا منقش کیا ہو ۔

ضمن (۲) کاغذ کا ہر ایک تختہ جس پر ہنڈی لکھی جائیگی طول میں (۸⅝) انچ اور عرض میں (۵⅛) انچ سے کم نہوگا اور اس کے ساتھ دوسرا کاغذ کا جوڑ نہ

لگایا جائیگا۔

توضیح نمبر (۱) قاعدہ (۸) ضمن (۱) کے احکام ہنڈیات سے بھی متعلق ہونگے۔

توضیح (۲) ہنڈی جو عند الطلب واجب الادا ہو کسی قسم کے کاغذ پر تحریر کیجا سکتی ہے اور تحت دفعہ (۹) قانون مذکور اس پر ایک آنہ کا اسٹامپ چسپاں فی لگایا جاسکتا ہے ہنڈی کا کاغذ سوائے ہنڈی کے کسی اور غرض کے لئے استعمال نہ کیا جاسکیگا۔ اور نہ اس پر پرامیسری نوٹ یا بل آف ایکسچنج بجز ایسے بل کے جس کی قانون کی دفعہ (۹) میں صراحت ہے تحریر کیا جاسکیگا۔

پرامیسری نوٹ اور بل آف ایکسچنج | قاعدہ (۶) پرامیسری نوٹ یا بل آف ایکسچنج سوائے ان صورتوں کے جن کا قانون کی دفعہ (۹) یا قواعد ہذا کے قاعدہ (۲۰) یا (۲۴) میں ذکر ہے ایسے کاغذ پر تحریر کیا جائیگا جس پر مناسب مالیت کا اسٹامپ بہ ثبت یا بلا ثبت لفظ ہنڈی منقش یا چسپاں کیا گیا ہو۔

دیگر دستاویزات | قاعدہ (۷) ہر دیگر دستاویزات جن کی بابتہ اسٹامپ واجب الاخذ ہو علاوہ ان صورتوں کے جن کا قانون کی دفعہ (۹) یا قواعد ہذا کے قاعدہ (۱۲-۱۳-۲۰) میں ذکر ہے ایسے کاغذ پر تحریر کیجائینگی جس پر مناسب مالیت کا اسٹامپ منقش یا چسپاں شدہ ہو مگر جس پر لفظ ہنڈی درج نہ ہو۔

جبکہ ایک قطعہ تکمیل اسٹامپ کے لئے ناکافی ہو۔ | قاعدہ (۸) ضمن (۱) الف جب کسی دستاویز کے متعلق رسوم واجب الاخذ کے پورا کرنے کے لئے دو یا زیادہ قطعات استعمال کئے جائیں جن پر اسٹامپ منقش یا چسپاں شدہ ہو تو دستاویز مذکور کی عبارت کا کچھ حصہ ہر ایک قطعہ مذکور پر تحریر کیا جائے۔

توضیح۔ کسی قطعہ اسٹامپ پر مقر یا گواہوں کے دستخط جزو عبارت دستاویز متصور نہ ہونگے۔

(ب) اگر مقدار رسوم اسٹامپ جو دستاویز کی بابتہ واجب الاخذ ہو ایک سو سے زیادہ نہ ہو تو صرف ایک قطعہ اسٹامپ منقشہ کاغذ کا استعمال کیا جائیگا

مگر شرط یہ ہے کہ جب مطالبہ کسی خزانہ سرکاری مین جہان اسٹامپ فروخت ہوتا ہے پیش ہو تو مہتمم خزانہ یا اگر مطالبہ مذکور کسی اسٹامپ فروش سے کیا جائے جس کو حسب ضابطہ فروخت اسٹامپ کا اختیار حاصل ہو تو اسٹامپ فروش اس امر کی تحریراً تصدیق کریگا کہ اسکے پاس مقدار مطلوبہ کا قطعہ واحد موجود نہین ہے۔

(ج) جب مقدار رسوم مذکور ایکسو روپیہ سے زیادہ ہو اور مہتمم خزانہ یا اسٹامپ فروش مذکور نے سرٹیفکیٹ لکھدیا ہو کہ اس کے پاس قطعہ واحد قیمت مطلوبہ کا موجود نہین ہے تو تعداد قطعات جو اظہار مقدار رسوم ادا شدہ کے لئے استعمال کیجائے اس تعداد سے زیادہ نہوگی جس کی مہتمم خزانہ یا اسٹامپ فروش مذکور (جیسی کہ صورت ہو) اس مضمون سے تصدیق کرے کہ اس تعداد سے کم قطعات اسٹامپ تکمیل تعداد مطلوبہ کے لئے اس کے پاس موجود نہین ہین۔

مگر شرط یہ ہے کہ کوئی سرٹیفکیٹ منجانب اسٹامپ فروش مذکور جو اس قاعدہ کے بموجب دیا جائے اس صورت مین کارآمد نہ ہوگا جبکہ تاریخ تحریر سرٹیفکیٹ مین کوئی خزانہ سرکاری برائے فروخت اسٹامپ اس مقام سے دو میل کے اندر واقع ہو جہان اسٹامپ فروش مذکور اسٹامپ فروخت کرتا ہو۔

ضمن (۲) جب کاغذ کا ایک ایسا قطعہ جس پر اسٹامپ بنڈی منقش ہو استعمال کیا جائے اور مضمون دستاویز کی تحریر کے لئے اسٹامپ منقشہ کی جانب کا حصہ ناکافی ہو تو اسکے ساتھ اسقدر سادہ کاغذ چسپان کیا جاسکتا ہے جو دستاویز مذکور کے سالم تحریر کے لئے کافی ہوسکے مگر شرط یہ ہے کہ ہر ایسی صورت مین مضمون دستاویز کا سقدر بہ حصہ اس قطعہ پر تحریر کیا جائیگا جس پر اسٹامپ منقش ہو اور مابعد سادہ کاغذ پر اس کا باقی مضمون تحریر کیا جائیگا۔

توضیح۔ جو اجازت سادہ کاغذ وصل کرنے کی اس دفعہ کی رو سے دیگئی ہے

وہ ہنڈیات اور بل آف ایکسچینج اور اسکے کسی پرت سے متعلق ہو گی ۔

ایک آنہ اور دو آنہ کا منقشہ اسٹامپ | قاعدہ (۹) ایسے دستاویزات کے نمونہ جات جن پر تحت قانون ایک آنہ کا رسوم واجب الاخذ ہو ایک آنہ کی مہر ثبت کرانے کے لئے اہل معاملات معہ درخواست و رقم رسوم انسپکٹر جنرل کے پاس پیش کر سکیں گے دفتر مذکور سے بعد تنقیح درخواست دفتر مہتمم کاغذ ممہور کو حکم دیا جائیگا کہ مذکورہ نمونہ پر مہر ایک آنہ ثبت کر کے اہل معاملا کو واپس کردیا جائے اضلاع کے درخواست گذار کسی خزانہ سرکاری مین رقم رسوم بمد اسٹامپ پختہ جمع کرا کے درخواست رسید و نمونہ جات دفتر انسپکٹر جنرل پر پیش کر سکین گے جہان سے حسب ضابطہ مندرجہ بالا کارروائی کیجائیگی ایسی صورتون مین اہل معاملا کو لازم ہو گا کہ خرچ ٹپہ بھی روانہ کرین

عہدہ داران مجاز | قاعدہ (۱۰) عہدہ داران متذکرۂ ذیل یا کوئی اور عہدہ دار جو اس کام کے لئے منجانب سرکار مقرر کئے جائین دستاویزات پر لیبل لگانے یا منقش کرنے یا اوس کے بیکار کرنے کے مجاز گردانے جاتے ہین اور ان مین ہر عہدہ دار قانون و قواعد کے اغراض کے لئے عہدہ دار مجاز تصور کیا جائے گا ۔

(۱) انسپکٹر جنرل رجسٹریشن و اسٹامپ ۔

(۲) مہتمم اسٹامپ ۔

(۳) تعلقداران اضلاع بہ صیغہ اسٹامپ ۔

طریقہ کارروائی انسپکٹر جنرل اسٹامپ جبکہ کسی تعلقدار نے اسکے پاس کوئی دستاویز اسٹامپ چسپاںندی لگانے کیواسطے بھیجی ہو ۔ | قاعدہ (۱۱) جب تعلقدار کے پاس اس مقدار رسوم کا اسٹامپ منقشہ یا ٹکٹ موجود نہو جسکے لگانے کی اوس سے درخواست کی گئی ہے تو اوس کو لازم ہو گا کہ کل رسوم اسٹامپ وصول کرنے کے بعد دستاویز کو بحفاظت کامل اپنے

روبکار کے ذریعہ اسٹامپ چسپایند گی لگانے کے لئے انسپکٹر جنرل اسٹامپ کے پاس بھیجدے - انسپکٹر جنرل پر لازم ہوگا کہ حسب تحریک تعلقدار دستاویز پر اسٹامپ چسپایندگی لگا کر یا منقش کراکے دستاویز کو عہدہ دار فرستندہ کے پاس بحفاظت تمام واپس بھیجدے یا اُس شخص کے حوالہ کردے جس کے حوالہ کرنیکی ہدایت عہدہ دار فرستندہ کے روبکار مین درج ہو -

عہدہ دار مجاز کے لئے جائز ہے کہ وہ بعض حالات مین لیبل لگائین یا منقش کرین

قاعدہ (۱۲) عہدہ دار مجاز متذکرہ قاعدہ (۱۰) کو اس امر کا اختیار ہوگا کہ مفصلہ ذیل دستاویزات پر لیبل لگائے یا منقش کرے یا بیکار کرے -

(الف) دستاویزات مصرحہ ذیل اور ان کے پرت ہائے ثانی باستثنائے اُن دستاویزات کے جن پر رسوم دو آنہ سے کم ہو -

اقرارنامہ باہتمام ترکہ . . . . مد (۲) ضمیمہ قانون

حلف نامہ . . . . مد (۴) "

شرائط شراکت کمپنی . . . . مد (۷) "

اقرارنامہ مکفولی دستاویزات ضمن (۱و۲) . . مد (۹) الف "

اجارہ جبکہ کچھ حصہ مطبوعہ ہو کسی غیر زبان مین اور محررہ حصہ مطبوعہ حصہ کے (½) زاید نہو (۲۵)

یادداشت کرائت . . . . (۲۸)

تحریر یا یادداشت جب رسوم واجب الادا دو آنہ سے زاید نہو . . (۳۱)

امانت ضمن الف وب . . . . (۴۶)

(ب) دستاویزات مصرحہ ذیل جبکہ وہ سوائے اردو کے کسی اور زبان مین تحریر کی گئی ہون اور اُن کے ساتھ اردو ترجمہ منسلک ہو -

اقرارنامہ یا یادداشت اقرارنامہ مد ضمیمہ قانون . . . . (۵)

فیصلہ ثالثی . . . . (۸)

مگر شرط یہ ہے کہ
محکمہ جات سرکار عالی کی جانب سے یا ان کے حق مین نیز بعض کمپنیون کی جانب سے یا اُن کے حق مین اور خاص حالات مین منفرد اشخاص کی

جانب سے یا اُن کے حق مین دستاویزات بزبان انگریزی تحریر و تکمیل ہون تو بصورت اس کے کہ عہدہ دار مجاز زبان مذکور سے واقف ہو دستاویزات کے ساتھ اُن کا ترجمہ منسلک کرنے پر اصرار نہ کیا جائے گا۔

لیبل لگانے اور اُن کو دستاویزات پر منقش یا بیکار کرنے کا طریقہ

قاعدہ (۱۳) جبکہ دستاویز مصرحہ قاعدہ (۱۲) تحریر و تکمیل کئے جانے سے قبل عہدہ دار مجاز کے روبرو لائی جائے اور اُس سے خواہش کیجائے تو عہدہ دار مذکور اس پر ایسی مالیت کا لیبل لگائے گا جس کی درخواست کنندہ استدعار کرے اور قیمت ادا کرے ایسے لیبل کو ذریعہ مشین منقش یا بیکار کرے گا اور لیبلون پر اُن کے منقش یا بیکار کرنے کی تاریخ ذریعہ مہر یا تحریر ثبت کریگا۔ دستاویزات چرم پر تحریر شدہ ہونیکی صورت مین لیبلون کو ذریعہ ملک بطرح بہتر طریقہ سے محفوظ کیا جائے۔

(۲) تحت ضمن (۱) جب ایک یا زیادہ لیبل لگائے جائین اور رسوم کی مقدار (۵) روپیہ سے کم ہو تو عہدہ دار مجاز لیبل یا لیبلون پر اپنی چھوٹی دستخط ثبت کریگا اور رسوم کی مقدار (۵) روپیہ یا اُس سے زیادہ ہو تو دستاویز پر لیبل یا لیبلون کے نیچے اپنے معمولی دستخط ثبت کریگا۔

ضمن (۳) باغراض ضمن (۲) عہدہ دار مجاز کے فرائض عہدہ داران ذیل انجام دے سکین گے۔

(۱) عہدہ دار مجاز کا مددگار اعلیٰ جسے سرکار عالی نے اس خصوص مین اختیار دیا ہو۔ یا

(۲) کوئی دوسرا عہدہ دار جس کو اسبارہ مین سرکار عالی نے بطور خاص مجاز کیا ہو۔

توضیح۔ الف جبکہ دستاویزات دفتر تعلقدار صیغہ اسٹامپ مین منقش کرنے کیلئے بھیجے جائین تو ہر ایک نمونہ پر اسی مالیت کا اسٹامپ اسی مقام پر لگانا چاہئے۔

(ب) ہر دفتر تعلقدار صیغہ اسٹامپ مین ایک رجسٹر رکھا جائیگا جس مین ایسے بالمشافہ درخواست کرنے والے کا نام و پتہ و قسم دستاویز و رسوم ادا شدہ کا اندراج کیا جائیگا۔

ملک غیر کی ہنڈی وغیرہ پر اسٹامپ چسپا بیندی کے ذریعہ ادائی رسوم ظاہر کی جائے گی۔

قاعدہ (۱۴) (۱) ہر دستاویز متذکرۂ دفعہ (۹) قانون اسٹامپ پر جو ممالک محروسہ سرکار عالی کے باہر تکمیل پائے اور جس پر ممالک محروسہ سرکار عالی مین وصول ہونے کے بعد قانوناً رسوم اسٹامپ واجب الاخذ ہو بذریعہ اسٹامپ چسپا بندی رسوم اسٹامپ کا ادا ہونا ظاہر کیا جائے گا۔

ضمن (۲) جبکہ دستاویزات مذکورۂ بالا مین سے کوئی دستاویز تحت دفعہ (۱۶) ضمن (۲) قانون تعلقدار کے پاس لائی جائے تو تعلقدار دستاویز مذکور کو معہ اس رقم کے جو اس کی بابتہ ادا کی گئی ہو عہدہ دار مجاز کے پاس روانہ کردیگا اور عہدہ دار مجاز دستاویز مذکور پر حسب قاعدہ (۱۳) قواعد ہذا عمل کر کے تعلقدار کے پاس واپس کر دیگا تاکہ وہ پیش کنندہ کو واپس کر دیجائے۔

باب سوم

تشخیص و تکمیل دستاویزات

قاعدہ (۱۵) درخواستین جو قانون کی دفعات (۱۶-۲۹-۳۹) کے تحت بغرض تشخیص یا تکملہ اسٹامپ پیش ہون ان کے ساتھ اگر دستاویزات سوائے اردو کے کسی دوسری زبان مین پیش ہون تو لازم ہوگا کہ اُن دستاویزات کی نقول اور معمولاً اُن کے اردو تراجم بھی پیش کیے جائین۔

قاعدہ (۱۶) سوائے اشخاص متعلقہ دستاویز یا ان کے وکیل یا مختار کے کوئی اور شخص دستاویز کو بغرض کارروائی تشخیص تکملہ پیش نہ کر سکیگا۔

قاعدہ (۱۷) وفاتر تعلقداران بہ صیغہ اسٹامپ مین جب درخواست ہائے متذکرہ قاعدہ (۱۵) پیش ہون تو ان کی تنقیح حسب نمونہ منسلکہ (س) کی جاکر کارروائی کیجائیگی۔

قاعدہ (۱۸) اگر دستاویز کی تاریخ تکمیل یا تصدیق وغیرہ یہ ثابت ہوکہ درخواست حسب دفعہ (۱۲) قانون اسٹامپ بین المیعاد پیش نہین ہوئی ہے اور اہل معاملہ کو اصرار ہو کہ وہ بین المیعاد پیش ہوئی ہے تو درخواست گذار کو لازم ہوگا کہ وہ اس کے بین المیعاد پیش کیئے جانیکا ثبوت پیش کرے۔

قاعدہ (۱۹) عموماً باغراض دفعہ ماسبق اور خصوصاً ان صورتون مین جبکہ ایسا درخواست گذار کوئی پیشکش ہو وہ لفافہ جس مین بیرون ملک سرکار عالی کی تکمیل شدہ دستاویز ذریعہ ٹپہ وصول ہوئی ہو میعاد تکملہ اسٹامپ کے لئے ایک ضروری جزو ثبوت متصور ہوگا اور ثبوت مذکور کم از کم حلف نامہ کے ذریعہ پیش کیا جائیگا۔

باب چہارم

اسٹامپ چسپایندنی

قاعدہ (۲۰) (۱) دستاویزات مندرجہ ذیل پر اسٹامپ چسپایندنی لگایا جاسکتا ہے	دستاویزات جنپر اسٹامپ چسپایندنی لگانا جائز ہے

(الف) بل آف اکسیچینج جو عند الطلب واجب الادا ہو اور جس کی مختلف پرتین ہون اور ہر ایک پرت کے لئے رسوم واجب الاخذ ایک آنہ سے زیادہ نہ ہو۔

(ب) انتقال ڈبنچرز متعلقہ کمیٹی یا مجالس عامہ۔

(ج) نقل نقشہ جات و خاکہ جات و نقول مطبوعہ جب ان پر رسوم بموجب مد (۱۲) ضمیمہ قانون واجب الاخذ ہو۔

(د) دستاویزات جو حسب مد (۵) فقرات الف و ب و مد (۱۳) ضمیمہ قانون

قابل اخذ رسوم ہون۔

(ھ) دستاویزات جن پر رسوم اسٹامپ حسب مد (۳۵) ضمیمہ قانون واجب الاخذ ہو۔

(و) دستاویزات جن پر رسوم اسٹامپ بموجب مدات (۱۳-۲۶-۲۷) ضمیمہ قانون واجب الاخذ ہو۔

(ز) دستاویزات جن پر رسوم حسب مد (۳۰) ضمیمہ قانون اسٹامپ واجب الاخذ ہو۔

۲۔ باوجود کسی حکم مندرجہ قاعدہ ہذا جب کبھی رسوم اسٹامپ جو کسی قانون کے بموجب کسی دستاویز ناقابل ادا ہو بدین وجہ سالماً ادا نہ کیا جا سکے کہ اُسکی ادائی کے لئے موزون و مناسب اسٹامپ شائع نہین کیا گیا ہے تو جسقدر رسوم بوجہ مذکورۂ بالا کم ادا کیا جائے اسکا تکملہ ایک آنہ کے اسٹامپ چسپاںیدنی لگانے سے کیا جائیگا۔

دستاویز انتقال حصص کی بابتہ تغیر کافی اسٹامپ کا تکملہ

قاعدہ (۲۱) جب دستاویز انتقال حصص کمپنی یا جماعت ایسے قطعہ کاغذ پر تحریر کیجائے جس پر مقرر مالیت کا اسٹامپ منقش یا ٹھپہ شدہ ہو تو ایسے منقش یا ٹھپہ شدہ اسٹامپ کی مالیت بعد ازان بوجہ ترقی قیمت حصص مذکور اس رسوم سے کم ہو جو بموجب مد (۴۴) ضمن الف ضمیمہ قانون واجب الاخذ ہے تو ایسی کمی رسوم کے تکملہ کے لئے اسٹامپ چسپاںیدنی جس پر الفاظ انتقال حصص درج ہونگے لگایا جا سکتا ہے۔

ایڈوکیٹ وکلا اٹارنی کا درج رجسٹر کرنا

قاعدہ (۲۲) جب اسٹامپ چسپاںیدنی اس غرض کے لئے استعمال ہوگا کہ اس سے ہیں عالیہ عدالت کی مرتبہ فہرست مارے ایڈوکیٹ و وکلاء۔ یا اٹارنی میں شرکت کی بابتہ رسوم واجب الاخذ کا ادا ہونا ظاہر ہو تو ایسا اسٹامپ

ہائیکورٹ کے کسی گزٹیڈ عہدہ دار کی نگرانی مین چسپان کیا جائیگا اور عہدہ دار مذکور اسٹامپ مذکور اس عہدہ دار سے جسے سرکار عالی اس کام کے لیئے مقرر کرے حاصل کریگا اور موخر الذکر عہدہ دار اس کی بابتہ حساب دیگا اور گزیٹیڈ عہدہ دار مذکور اسٹامپ چسپان کرنیکے بعد اس کی ناصیہ پر اپنے معمولی دستخط معہ تاریخ ثبت کریگا ۔

اسٹامپ چسپاندنی جنکی قیمت ایک آنہ ہے ۔

قاعدہ (۲۳) بجز اسکے کہ قواعد ہذا مین اور طور سے حکم ہو اسٹامپ چسپاندنی جس سے کی ادائی رسوم ظاہر کیجائے وہی اسٹامپ ہونگے جن پر الفاظ ایک آنہ منقش کئے گئے ہون اور ایسے اسٹامپ باغراض ٹپہ یا مالیہ سرکار عالی استعمال کئے جاسکتے ہین ۔

بعض صورتون مین خاص قسم کا اسٹامپ چسپاندنی استعمال کیا جائیگا ۔

قاعدہ (۲۴) دستاویزات مندرجہ ذیل پر جب اسٹامپ چسپاندنی لگایا جائے تو وہ اس قسم کا ہوگا جسکی ذیل مین صراحت کیجاتی ہے ۔

(الف) ایسے بل آف اکسچینج اور پرامیسری نوٹ کے لیئے جو بیرون ملک سرکار عالی تحریر یا تکمیل کئے جائین اور جن پر رسوم زاید از ایک آنہ واجب الادا ہو جو اسٹامپ استعمال کئے جائین ان پر الفاظ "بیرونی بل" منقش ہونگے ۔

(ب) جداگانہ دستاویزات متعلقہ انتقال حصص ڈبنچر بابتہ کمپنی یا مجالس عامہ کی صورت وہ اسٹامپ استعمال کئے جائینگے جن پر الفاظ "انتقال حصص" منقش ہونگے ۔

(ج) مجلس عالیہ عدالت کی مرتبہ فہرست ایڈوکیٹ وکیل یا اٹارنی مین شرکت کی صورت مین وہ اسٹامپ مستعمل ہون گے جن پر الفاظ ایڈوکیٹ وکیل یا اٹارنی (جیسی کہ صورت ہو) منقش ہون گے ۔

(د) کاروبار نوٹری پبلک کی صورت مین وہ اسٹامپ جس پر لفظ

"نوٹیریل" منقش ہوگا۔

(ھ) نقول نقشہ جات و خاکہ و مطبوعہ نقول جن پر مطابق اصل ہونے کی تصدیق لیجائے ان کے لئے رسوم عدالت استعمال کیا جائیگا۔

(و) ان دستاویزات کی صورت میں جن پر بموجب مد (۵) ضمن الف و ب یا مد (۱۲) ضمیمہ قانون اسٹامپ رسوم واجب الاخذ ہے جو اسٹامپ استعمال ہوں گے ان پر الفاظ اقرارنامہ یا دلالی نوٹ (جیسی کہ صورت ہو) منقش ہوں گے۔

(ز) ان دستاویزات کے لیے جن پر رسوم اسٹامپ بموجب مد (۳۵) ضمیمہ قانون قابل اخذ ہو وہ اسٹامپ استعمال ہوں کے جن پر لفظ "بیمہ" منقش ہوگا۔

باب پنجم

احکام جب مناسب قسم کے اسٹامپ استعمال نہیں کئے گئے ہوں

قاعدہ (۲۵) جب کسی دستاویز پر مقررہ مالیت کا اسٹامپ لگایا گیا ہو لیکن وہ مقررہ قسم کا نہو تو تعلقدار اس رسوم کے ادا کئے جانے پر جو دستاویز مذکور کی بابتہ واجب الاخذ ہو عبارت ظہری کے ذریعہ دستاویز مذکور پر تصدیق کرسکیگا کہ اس پر حسب ضابطہ اسٹامپ لگایا گیا ہے مگر شرط یہ ہے کہ اگر تکمیل دستاویز سے دو ماہ کے اندر درخواست کی جائے اور تعلقدار کو اس بات کا اطمینان ہو جائے کہ غیر مقرر اسٹامپ صرف اس وجہ سے استعمال کیا گیا تھا کہ مقررہ قسم کا اسٹامپ بلا دقت یا سہولت سے دستیاب ہو سکتا تھا تو تعلقدار کو اختیار ہوگا کہ وہ بموجب دفعہ ہذا مزید رسوم کی ادائی معاف کردے۔

شہادت نسبت حالات دعویٰ واپسی یا تجدید اسٹامپ

قاعدہ (۲۶) تعلقدار کسی شخص کو جو تحت باب پنجم قانون واپسی یا تجدید اسٹامپ کا

مستدعی ہو اُس کو یا اُس کے مختار مجاز کو حکم دے سکے گا کہ وہ بحلف یا اقرار صالح زبانی بیان دے یا تحریری بیان داخل کرے جس مین ان امور کی صراحت کیجائیگی جن کی بناء پر واپسی یا تجدید اسٹامپ کی درخواست پیش کی جاتی ہو اگر تعلقدار مناسب خیال کرے تو بیان حلفی یا اقرار صالح کی تائید مین شہادت پیش کرنے کا حکم دے سکیگا واپسی قیمت خراب شدہ یا ناکارہ اسٹامپ بوقت تجدید ڈبنچر۔

واپسی قیمت خراب شدہ یا ناکارہ اسٹامپ بوقت تجدید ڈبنچر

قاعدہ (۲۷) ڈبنچرز کی تجدید کے وقت جب کسی خراب شدہ یا ناکارہ اسٹامپ کی بابتہ تحت باب پنجم قانون ادائی قیمت کی درخواست کیجائے اور تعلقدار قیمت کی واپسی کا یا درخواست مذکور کی تائید مین مزید شہادت پیش کئے جانے کا حکم دے تو اُس صورت مین اگر درخواست گذار تاریخ حکم مذکور سے ایک سال کے اندر رقم ایصال شدنی وصول نکرے یا اسکے بدلے مین جدید اسٹامپ حاصل یا مزید شہادت پیش نکرے جیسی کہ صورت ہو، تو درخواست خارج کردیجائیگی اور خراب شدہ یا ناکارہ اسٹامپ انسپکٹر جنرل اسٹامپ کے پاس بغرض تلف روانہ کردیا جائیگا۔

طریقہ تنسیخ ڈبنچر بروقت واپسی تحت دفعہ (۵۳) قانون

قاعدہ (۲۸) تعلقدار بموجب دفعہ (۵۳) قانون رقم واپس کرے تو اصل ڈبنچر کی ناصیہ یا اُس کے متن پر لفظ منسوخ کردہ تحریر کرکے اپنے دستخط معہ تاریخ ثبت کریگا۔

انعام

قاعدہ (۲۹) کسی مجرم کے تحت قانون اسٹامپ سزایاب ہونے پر تعلقدار اس شخص کو جس نے اس معاملہ مین مدد دی ہو، بلحاظ حالات ہر مقدمہ، انعام عطا کرسکے گا جس کی مقدار ایسی رقم سے زاید نہو گی جو سرکار اس خصوص مین مقرر کرین۔

باب ششم

(رسوم اسٹامپ کی معافی)

قاعدہ (۳۰) مختار نامہ جات وصول ... قرضہ پرامیسری نوٹ سرکار عالی تا مقدار شش روپیہ رسوم اسٹامپ سے معاف ہین۔

قاعدہ (۳۱) ضمانت نامہ جات جو پٹیل پٹواری اپنے گماشتگان کے نسبت داخل کرین وہ احکام متعلقہ ملازمین کے لحاظ سے رسوم اسٹامپ سے معاف ہین۔

قاعدہ (۳۲) رجسٹری شدہ انجمن ہائے امداد باہمی کے جملہ دستاویزات جو انجمن مذکور کے کاروبار کے متعلق ہون رسوم اسٹامپ سے مستثنیٰ ہین اور حکم ہذا ۱۹ اسفندارمذ ۱۳۲۴ف سے اثرپذیر و نافذ سمجھا جائیگا۔

قاعدہ (۳۳) رسائد تقاوی متذکرہ دفعہ (۹) قواعد تقاوی مندرجہ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۹ شہریور ۱۳۲۱ف رسوم اسٹامپ سے معاف ہین۔

قاعدہ (۳۴) ضمانت نامہ جات گماشتہ مقدم پٹواری مقررہ منجانب سرکار یا وطندار خواہ منصرم ہو یا مستقل رسوم اسٹامپ سے معاف ہین۔

قاعدہ (۳۵) وظیفہ خواران حسن خدمت سرکار عالی کے رسائد زائد از نسبت روپیہ ثبت ٹکٹ رسیدی سے مستثنیٰ ہین۔

قاعدہ (۳۶) سرکار عالی نے اُن رسائد کو جو سررشتہ صفائی کے جانب سے آئندہ تکمیل پائین یا جو من ابتدائے ۲۰ فروردی ۱۳۲۰ف تکمیل پا چکے ہون رسوم اسٹامپ رسیدی سے مستثنیٰ فرمایا ہے۔

قاعدہ (۳۷) رسیدات ذیل زائد از نسبت روپیہ کو ٹکٹ رسیدی سے مستثنیٰ کیا جاتا ہے۔

(۱) انعام و ظائف رعایتی۔

(۲) وظائف بیوگان سکھان ۔
(۳) وظائف انعامات عطیہ سررشتہ جات سرکار عالی ۔ مثلاً تعلیمات مذہبی طبابت وغیرہ
(۴) وظائف جمعیت بے قاعدہ ۔
(۵) ماہوارات منصبداران و امتیازیان غیر مشروط الخدمت ۔
(۶) امداد مدارس وکتب خانہ و دیگر انجمن جو سررشتہ جات سرکاری سے عطا کیجاتی ہے مثلاً تعلیمات مذہبی طبابت وغیرہ ۔
(۷) اخراجات عیدین ۔
(۸) امداد برائے اغراض مذہبی ۔
(۹) معمول و یومیہ سالانہ غیر مشروط الخدمت ۔

قاعدہ (۳۸) سررشتہ کروڑگیری کے متعلق اقرارنامہ اموال واپس شدنی اور چرائی جانوران وغیرہ تکمیل شدہ زمانہ گذشتہ یا آیندہ رسوم اسٹامپ سے معاف ہیں ۔

قاعدہ (۳۹) اگر دستاویزات پر بروئے قانون اسٹامپ ایک آنہ کا اسٹامپ چسپان کرنے کا حکم ہو اور اُس پر کوئی ایسا ایک آنہ کا اسٹامپ لگایا گیا ہو جو بروئے قانون اس قسم کی دستاویزات کے لئے مقرر نہ ہو تو وہ دستاویزات مزید اسٹامپ کے وجوب سے معاف شدہ متصور ہونگے ۔ آئندہ بھی ایسی تمام دستاویزات جن پر ایک قسم کے ایک آنہ والے اسٹامپ کے بجائے کسی دوسرے قسم کا ایک آنہ والا اسٹامپ چسپان کیا گیا ہو مزید اسٹامپ کے وجوب سے معاف شدہ متصور ہون گے ۔

قاعدہ (۴۰) صنعت ہائے کوچک کے امدادی قرضہ جات دس ہزار یا اُس سے کم رقم کی دستاویزات پر رسوم اسٹامپ کلاً معاف ہے ۔

قاعدہ (۴۱) مختارنامہ جات خاص انعامداران اراضی ضلع نگر

رسوم اسٹامپ سے مستثنیٰ ہین ۔

قاعدہ (۴۲) الف ۔ اختیار دفعہ (۷) قانون اسٹامپ کی روسے جملہ چک و احکام ادائی رقوم جو سکندرآباد لوکلفنڈ و آبکاری وغیرہ یا کسی دوسری لوکلفنڈ کی بابتہ جو امپیریل بنک آف انڈیا کی شاخ واقع حیدرآباد سے معاملہ کرتے ہون شاخ مذکور پر جاری ہون یا جس پر شاخ مذکور سے ادائی کی شرح درج ہو اسٹامپ سے مستثنیٰ کئے جاتے ہین ۔

(ب) امپیریل بنک آف انڈیا ۔ سنٹرل بنک آف انڈیا کی شاخ ہائے حیدرآباد و نیز رکھو ناتھمل بنک کے موسومہ چک بہی ادائی رسوم سے مستثنیٰ قرار دئے گئے ہین ۔

قاعدہ (۴۳) کفالت نامہ جات بقایا یا تعہد اران آبکاری کا رسوم اسٹامپ معاف کیا جاتا ہے ۔

قاعدہ (۴۴) جس دستاویز کی روسے جائداد یا حق زر نقد کفالت نامہ جات یا کوئی آمدنی بطور خیرات مذہبی یا رفاہ عام کے کام کیواسطے خواہ دوام یا غیر دوام کے لئے دی جائے یا مقرر کیجائے وہ رسوم اسٹامپ سے معاف ہے ۔

قاعدہ (۴۵) تحریر حکم یا سند نیلام جو کسی عدالت فوجداری محکمہ مال سے خریدار جائداد نیلام شدہ کو دیجائے وہ رسوم اسٹامپ سے معاف ہے ۔

باب ہفتم

طریقہ ادائی رسوم اسٹامپ

قاعدہ (۴۶) سوائے تعلقدار کے دوسرے عہدہ داران رجسٹری کنندہ ناقص القیمت اسٹامپ کے تکملہ کے مجاز نہین ہے ۔

قاعدہ (۴۷) جو وظیفہ خوار بیرون ملک سرکار عالی سکونت پذیر ہون

اُن کے مختار نامہ وظیفہ پر ٹکٹ مقررہ چسپاں کرنے کے لئے بلدہ میں مہتمم خزانہ عامرہ بھی تعریف تعلقدار میں داخل متصور ہوگا۔

قاعدہ (۴۸) اسپیشل مجسٹریٹ بلندہ ضلع ورنگل کو آبادی متعلقہ معدن زغال میں بحیثیت عہدہ باغراض دفعہ (۱۴) قانون تعلقدار اسٹامپ کے اختیار کئے جاتے ہیں۔

قاعدہ (۴۹) وظیفہ خوار اور منصبداران وغیرہ کا مختار نامہ ایک روپیہ کے کاغذ مختوم پر لیا جائیگا یہ مختار نامہ اُس وقت تک کارآمد رہیگا جبتک اصل فریق زندہ رہے یا مختار نامہ منسوخ ہو تصدیق اغراض متذکرہ مختار نامہ کیلئے ایک رجسٹر خزانہ میں رکھا جائیگا

قاعدہ (۵۰) جب تعہد نامہ جات ذریعہ معاہدہ تعہد کی بنا پر اختیارات بھی دئے جائیں تو علاوہ رسوم تعہد مختار نامہ عام کا بھی رسوم وصول کیا جائیگا

قاعدہ (۵۱) مختار نامجات تقرر گماشتگان پنشن پٹواریان ایک روپیہ کے اسٹامپ پر لئے جائیں گے۔

قاعدہ (۵۲) استرداد رقوم اسٹامپ کی بابتہ بھی بصورت زاید از بست روپیہ ہونے کے ٹکٹ رسید لیا جائیگا۔

قاعدہ (۵۳) سند وکالت حسب ضابطہ کاغذ ممہور دستاویزی پر تکمیل کیجائیگی۔

قاعدہ (۵۴) دستاویز ابراء نامہ محولہ دفعہ (۷) فقرہ (ھ) قواعد سکہ قرطاس ۱۳۲۷ف پر اسٹامپ چسپاں نہ لگانا جائز ہوگا۔

قاعدہ (۵۵) اب تک ہنڈیوں اور پرامیسری نوٹوں پر ٹکٹ ہنڈوی کی بجائے ٹکٹ پٹہ و رسید استعمال کیا جاچکا ہے وہ اسطرح جائز متصور ہونگے کہ گویا ان پر پہلے سے ٹکٹ ہنڈوی لگایا گیا تھا۔

(۲) آئندہ بھی بجائے ٹکٹ ہنڈوی قیمتی ایک آنہ کے ٹکٹ پٹہ و رسید استعمال کیا جانا جائز ہوگا۔

قاعدہ (۵۶) بپابندی اصول عام استرداد رقوم اسناد و ایسی عدالت کی

بابتہ بھی بصورت زاید از نسبت روپیہ ہونے کے ٹکٹ رسید ہی لیا جائیگا ۔

قاعدہ (۵۷) دستاویزات قبولیت نامجات وضمانت نامجات ہرا جی متعلقہ سررشتہ جات تحت مالگزاری کے تخفیف رسوم کی نسبت احکام بذریعہ اشتہار واقع ۱۰ اردی ۱۳۱۱ف مندرجہ جریدۂ اعلامیہ جزو اول نشان (۹) مورخہ ۲۱ بہمن ۱۳۱۱ف نافذ ہوئے اور ذریعہ اعلان مجریہ محکمہ سرکار مورخہ ۱۹ امرداد مندرجہ جریدۂ اعلامیہ جزو اول مورخہ ۲۶ تیر ۱۳۳۳ف حکم مندرجہ اشتہار محولہ صدر بدستور بحال ذنافذرہا لہذا تاریخ اعلان یعنی ۱۹ امرداد ۱۳۳۳ف کے بعد سے حسب منشاء حکم مندرجہ اعلان محکمہ سرکار واقع ۵ بہمن ۱۳۳۵ف ٹھیکہ داروں سے ایسے دستاویزات کی بابتہ رعایت تخفیف رسوم متعلق نہوگی بلکہ ان پر عام دستاویزات ضمانت وقبولیت کی طرح عمل کرنا اور تکملہ کمی رسوم وتاوان جیسی صورت ہو حسب ضابطہ واجب اخذ ہونا ضروری ہوگا اس خصوص میں تا بعد آبکاری دفاتر آبکاری جاگیر بھی تحت مالگزاری متصور ومستفید ہونگے ۔

باب ہشتم

کارروائی متعلق اسٹامپ ہائے خراب شدہ وبیکار

قاعدہ (۵۸) کسی تعلقدار کے حدود اراضی کے خرید شدہ اسٹامپ کے متعلق کوئی دوسرا تعلقدار بغرض واپسی قیمت کارروائی کر سکتا ہے ۔

قاعدہ (۵۹) مسترد شدہ کاغذات ممہور مکرر فروخت نہو سکینگے بلکہ تلف کروئے جائینگے ۔

قاعدہ (۶۰) حسب نمونہ منسلکہ نمبر (۲) دفتر تعلقدار سے تختہ واپسی اسٹامپ کی خانہ پری کیجا کر واپس شدہ ممہور کے ہمراہ تختہ بدفتر انسپکٹر جنرل بھیجدیا جایا کریگا ۔

قاعدہ (۶۱) جو قطعات اسٹامپ بغرض اتلاف بھیجے جائینگے ان کی تحریر ظہری اگر بزبان ملکی ہو تو انکے نیچے اردو میں انکا ترجمہ درج کرکے روانہ کئے جائینگے ۔

قاعدہ (۶۲) اگر کوئی درخواست گذار قیمت واپسی اسٹامپ یا مدخلہ اسٹامپ یا دستاویزات چھ ماہ کے اندر دفتر انسپکٹر جنرل سے حاصل نہ کرے تو بعد انقضاء مدت مذکورہ بالا انتظار مزید رقوم مذکور بحق سرکار جمع کیجائینگی اور امثلہ متعلقہ داخل دفتر کردئے جائینگے۔

قاعدہ (۶۳) ٹکٹ ٹپہ سرکار عالی جوکسی محکمہ مین وصول ہون اور کام مین نہ لائے جائین اگر وہ داخل کنندہ کو واپس کر دینے کے قابل ہون تو واپس کردئے جائینگے و گرنہ وہ انسپکٹر جنرل اسٹامپ کے دفتر بغرض اتلاف بھیجدئے جائینگے۔

قاعدہ (۶۴) (۱) ٹکٹ ٹپہ مدخلہ عدالت اگر تاریخ انفصال مقدمہ سے چھ ماہ تک فریق داخل کنندہ واپس نہ لے تو وہ حسب ضابط بغرض اتلاف انسپکٹر جنرل اسٹامپ کے دفتر پہ بھیجدئے جائینگے۔

(۲) لیکن اگر ٹکٹ ٹپہ سرکار عظمت مدار سے متعلق ہون تو وہ بجائے تلف کیلئے بھیجنے کے ناظم صاحب ٹپہ خانجات سرکار عالی کے پاس بھیجدئے جائینگے اور وہ انکو فروخت کرا کے قیمت بعد وضع فیس منی آڈر سررشتہ فرستندہ کو روانہ کردینگے اور قیمت مذکور بحق سرکار جمع کردی جائیگی۔

واپسی قیمت اسٹامپ علاقہ جاگیرات و پائیگاہ وسمستان

قاعدہ (۶۵) جن علاقہ جات پائیگاہ و جاگیرات وسمستانات کو سرکار سے خاص رعایتی قیمت پر اسٹامپ کی ہمرسانی کی جاتی ہے جب وہ بمتابعت احکام قانون و قواعد ہذا اپنے علاقہ کے خریداران اسٹامپ کو جب اسٹامپ کی اصل ادا شدہ قیمت واپس دین تو اُن کو اختیار ہوگا کہ حسب قواعد مقررہ واپس شدنی قیمت کے ہر روپیہ یا اس کی کسر کی بابتہ ایک آنہ وضع کرلینے کے بعد باقی رقم واپس کرین۔

قاعدہ (۶۶) ایسی واپسی کی صورت مین محکمہ انسپکٹر جنرل اسٹامپ

سرکار عالی سے علاقہ جات مذکور کو اس رقم کا معاوضہ جو اسٹامپ کی حقیقی رعایتی قیمت کی بابتہ انھوں نے سرکاری خزانہ مین داخل کی جو چھ ماہ کے اندر کسی ہم کے اسٹامپ کے بابتہ بعد منہائی حصہ وضع شدہ بحساب فی روپیہ ایک آنہ دیا جائیگا بشرطیکہ کارروائی مین یہ ثابت ہو کہ ان کے علاقہ مین رقم زیر بحث کی واپسی بے قاعدہ عمل مین لائی۔

قاعدہ (۷۷) جب علاقہ جات مذکورہ سے اسٹامپ کی قیمت کی واپسی حسب منشاء باب پنجم قانون اسٹامپ سرکار عالی عمل مین لائی گئی ہو تو بمجرد واپسی رقم اس کے معاوضے کے حصول کے لئے علاقہ متعلقہ کو لازم ہوگا کہ کاغذات ذیل بغرض تنقیح اپنے صدر دفتر سے مراسلہ کے ساتھ محکمہ انسپکٹر جنرل اسٹامپ سرکار عالی مین بھیجے۔

(الف) وثیقہ واپسی قیمت اسٹامپ مطابق نمونہ مروجہ و درخواست۔
(ب) اسٹامپ کی قیمت واپس پانیوالے کی اصل یا ضابطہ رسید یا داشت نقل۔
(ج) اصل قطعہ یا قطعات اسٹامپ جس کی یا جنکی قیمت واپس دیگئی ہو۔

قاعدہ (۷۸) محکمہ انسپکٹر جنرل مین ایسے اسٹامپ اور کاغذات کے وصول ہونے پر بعد کارروائی ضابطہ علاقہ متعلقہ کو معاوضہ ادا کیا جائیگا۔ اور اسٹامپ ہائے واپس شدہ حسب طریقہ مقررہ تلف کر دئے جائینگے۔

قاعدہ (۷۹) جب کسی ایسے علاقہ جاگیر یا پائیگاہ یا سمستان مین جسکو سرکار عالیہ سے اسٹامپ رعایتی قیمت پر دیا جاتا ہو قابض علاقہ کے انتقال پر یا کسی اور وجہ سے رعایت باقی نہ رہے تو چھ ماہ کے اندر اس کو یا اس کے ورثا یا قائم مقاموں کو لازم ہوگا کہ جسقدر اسٹامپ رعایتی غیر فروخت شدہ اسٹاک مین موجود ہوں وہ سب معہ دو قطعہ قسمواری فہرست کے محکمہ انسپکٹر جنرل اسٹامپ سرکار عالی مین داخل کرے اور اس صورت مین اسٹامپ داخل شدہ کی اصل قیمت موضوعہ مین سے بحساب فی روپیہ یا اس کی کسر کی بابتہ ایک آنہ مجرا کرنے کے بعد بقیہ رعایتی قیمت

علاقہ داخل کنندہ کو واپس دیجائیگی اور اسٹامپ واپس شدہ کی بابتہ حسب ضابطہ کارروائی اتلاف عمل میں لائی جائیگی مگر شرط یہ ہے کہ درصورت انتقال قابضِ جاگیر یاسمستان یا امیر پائیگاہ اگر اس کو عدالتی یا مالی اختیارات حاصل رہیں اور اس لحاظ سے پیشگاہ سرکار سے انتظاماً بقیہ اسٹامپ غیر فروخت شدہ استعمال کی اجازت اس کے ورثا یا قائم مقاموں کو بطور خاص دیگئی ہو تو ایسی حالت میں موجودہ اسٹامپ کے واپس کرنیکی ضرورت نہ ہوگی ۔

قاعدہ (۷۰) جب کے اسٹامپ کی قیمت قاعدہ (۶۹) کے بموجب واپس دیگئی ہو تو اس صورت میں بھی احکام مندرجہ قاعدہ (۶۷) کی پابندی لازمی ہوگی

باب نہم

فروخت وبہم رسانی اسٹامپ وفرائض اسٹامپ فروش وبہرتہ

قاعدہ (۷۱) اسٹامپ فروش کے اغراض کیلئے اسٹامپ تین قسموں میں تقسیم کیئے جاتے ہیں ۔

قسم اول اسٹامپ ہنڈی واسٹامپ ٹپہ ۔

قسم دوم اسٹامپ چپاپندنی جس میں سوائے اسٹامپ متذکرۂ قسم اول کے دوسرے ہر قسم کے لیبل مثلاً اسپیشل، اڈہیسو فارم بل، نوٹیریل، انشورنس، وغیرہ داخل ہیں خواہ وہ بوقت نفاذ قواعد ہذا رائج ہوں یا آیندہ رائج کئے جائیں ۔

قسم سوم اسٹامپ دستاویزی ۔

قاعدہ (۷۲) اسٹامپ قسم اول متذکرۂ قاعدہ (۷۱) ہر شخص بلا حصول اجازت نامہ فروخت کرسکتا ہے ۔ اسٹامپ قسم سوم متذکرہ قاعدہ مذکور صرف اسٹامپ فروش فروخت کرسکیں گے ۔ اور اسٹامپ قسم دوم متذکرہ بالا صرف عہدہ داران متذکرۂ دفعہ (۹) کے پاس فروخت ہوسکیں گے ۔

قاعدہ (۷۳) ضمن (۱) اسٹامپ فروش دو قسم کے ہونگے ۔ اسٹامپ فروش

اجازت یافتہ و اسٹامپ فروش باعتبار عہدہ۔

(الف) خانگی اشخاص جنکو انسپکٹر جنرل اسٹامپ یا تعلقدار یا تحصیلدار حسب احکام مابعد مندرجہ قواعد ہذا اجازت اسٹامپ فروشی عطا کرے وہ اجازت یافتہ اسٹامپ فروش تصور کئے جائینگے۔

(ب) ضمانت دادہ ملازمین دفاتر سرکاری جو حسب قاعدہ (۴۷) ضمن (۱) مجاز اسٹامپ فروشی ہون یا جن کو بطور خاص کسی دفتر کے اغراض کے مدنظر مقرر کیا گیا ہو اسٹامپ فروش باعتبار عہدہ متصور ہونگے۔

ضمن (۲) عدالت ہائے منصفی سے جب باظہار ضرورت کسی اہلکار ضمانت دادہ کا نام پیش کیا جائے تو اس کو دستاویزی اسٹامپ نقد رقم ضمانت پیشگی خزائن متعلقہ سے دیا جائیگا بشرطیکہ عدالت اور خزانہ کے دفاتر کا فاصلہ ایک میل یا اس سے زاید ہو۔

قاعدہ (۴۷) ضمن (۱) خزانہ داران اضلاع و فوطہ داران تحصیلات کے جو بغرض اسٹامپ فروشی اپنے عہدہ کے اعتبار سے مقرر ہو چکے ہین ہر تقرر آیندہ یا تبادلہ کے وقت اُن کو اسٹامپ فروشی کی بابتہ ایک فہمایش نامہ تحریری منجانب افسر متعلقہ دیا جائیگا جس سے وہ اسٹامپ فروش باعتبار عہدہ کہلائے جاسکینگے اور ان کو اسٹامپ فروشی کی اجازت باعتبار عہدہ حاصل ہوگی۔

ضمن (۲) خزانہ داران اضلاع و فوطہ داران تحصیل متذکرۂ ضمن (۱) کے علاوہ دیگر اسٹامپ فروشان باعتبار عہدہ اور اسٹامپ فروشان اجازت یافتہ کے تقرر کے انسپکٹر جنرل اسٹامپ یا تعلقدار اپنے اپنے حدود اراضی کے اندر مجاز ہونگے۔ اور تحصیلات کی حد تک تحصیلدار حسب ضابطہ صرف اسٹامپ فروشان اجازت یافتہ کا تقرر کرسکین گے۔

ضمن (۳) کسی دفتر سرکاری مین بلحاظ ضرورت شدید کسی خانگی شخص کو اسٹامپ فروشی کی اجازت دینے کے لئے اس دفتر کا افسر اعلی انسپکٹر جنرل

یا تعلقدار کے دفتر پر تحریک کرسکیگا اور اگر انسپکٹر جنرل یا تعلقدار کو دس تحریک سے اتفاق ہو تو اس کی سند اسٹامپ فروشی حسب قواعد نافذ ہو جائیگی ۔

ضمن (۴) تعلقدار اپنے ماتحت تحصیلات اور انسپکٹر جنرل کل ممالک محروسہ سرکار عالی کے انتظامات اسٹامپ فروشی کے نگران رہینگے ۔

قاعدہ (۵۷) اسٹامپ فروشان باعتبار عہدہ کو لازم ہے کہ وہ ایسی ہر قیمت کے اسٹامپ فروخت کریں جو سرکار کی طرف سے اُن کو فروخت کیلئے دئے جائیں اور اجازت یافتہ اسٹامپ فروشوں کو لازم ہے کہ اُس قیمت کے اسٹامپ فروخت کریں جن کی اُن کے اجازت ناموں میں صراحت ہو اور عموماً ایسے اسٹامپ فروخت کریں جن کا کوئی قطعہ واحد پچاس روپیہ سے زیادہ نہو ۔

قاعدہ (۶۷) اسٹامپ فروشان پر لازم ہو گا کہ دستخط کے تحت اپنا اور مقام کا نام واضح طور سے تحریر کریں ۔

فیس یعنی حق الخدمت اسٹامپ فروش باعتبار عہدہ

قاعدہ (۷۷) باستثنائے اسٹامپ ٹپہ ہر سہ اقسام متذکرہ دفعہ (۱۷) کا جسقدر اسٹامپ اسٹامپ فروشان باعتبار عہدہ کے اہتمام و ذمہ داری سے فروخت ہو گا اُس کی قیمت پر اُن کو بحساب فی صد دو روپیہ بطور حق فروخت فیس ملا کریگی ۔ مگر جس اسٹامپ کے فروخت پر اسٹامپ فروشان اجازت یافتہ یا دیگر اشخاص کو بھرتہ دیا گیا ہو اُس کی بابتہ اسٹامپ فروشان باعتبار عہدہ کو کوئی کمیشن نہ ملیگی ۔

شرح بھرتہ اسٹامپ فروش اجازت یافتہ بابتہ قسم اول و دوم

قاعدہ (۸۷) ہر ایسے شخص کو جو سرکار سے اسٹامپ قسم اول و دوم باستثنائے اسٹامپ ٹپہ متذکرہ قاعدہ (۱۷) بادائی قیمت خرید کرے بھرتہ بشرح ذیل ملیگا ۔

(الف) اُن قطعات منقشہ یا ٹکٹوں کی بابتہ جن کی قیمت فی قطعہ یا فی ٹکٹ

(۸) آنہ سے زیادہ نہو اُنکی مجموعی قیمت پر بحساب فی صد (۶) روپیہ (۴) آنہ۔

(ب) اُن قطعات منقشہ یا ٹکٹون کی بابتہ جنکی قیمت فی قطعہ یا فی ٹکٹ (۸) آنہ سے زیادہ ہو اور پانچ روپیہ زیادہ نہو اُن کی مجموعی قیمت پر بحساب فیصد (۴) روپیہ۔

(ج) اُن قطعات منقشہ یا ٹکٹون کی بابتہ جنکی قیمت فی قطعہ یا فی ٹکٹ پانچ روپیہ سے زیاہ اور دس روپیہ سے زیادہ نہو اُن کی مجموعی قیمت پر بحساب فیصد (۲) روپیہ۔

شرح پھیرتہ اسٹامپ فروش اجازت یافتہ بابت اسٹامپ قسم دوم

قاعدہ (۹۷) جو اسٹامپ فروش اجازت یافتہ اسٹامپ قسم سوم یعنی اسٹامپ دستاویزی متذکرہ قاعدہ (۱۷) سرکار سے بادائی قیمت خرید کرے اُس کو بہ ملحوظی احکام قاعدہ (۸۰) مندرجہ ذیل پھیرتہ ملیگا۔

(الف) ایسے اسٹامپ فروش کو جس کو اجازت نامہ ایسے مقام کا ملا ہو جہان بطور سرکاری اسٹامپ فروخت کیا جاتا ہو قطعات اسٹامپ مالیتی (۱۰) روپیہ تک پھیرتہ قیمت اسٹامپ پر بحساب فیصد (۳) روپیہ۔

(ب) ایسے اسٹامپ فروش کو جس کو اجازت نامہ ایسے مقام کا ملا ہو جہان بطور سرکاری اسٹامپ فروخت کیا جاتا ہو دس روپیہ سے زاید (۵۰) روپیہ تک قیمت اسٹامپ پر بحساب فیصد (۲) روپیہ۔

(ج) کسی دوسرے مقام کے اسٹامپ فروش کو قیمت اسٹامپ پر بحساب فیصد (۵) روپیہ۔

قاعدہ (۸۰) ان اسٹامپ کی بابتہ جو فی قطعہ یا فی ٹکٹ واحد پچاس روپیہ سے زاید مالیت کے خرید کیئے جائین نیز ایسے اسٹامپ کی بابتہ جسکی مہر اسٹامپ خود خریدار کے پیش کردہ شئے پر ثبت کیجائے کچھ پھیرتہ نہ دیا جائیگا اور نہ اُس صورت مین پھیرتہ دیا جائیگا جب وقت واحد مین ایکسو روپیہ سے کم مالیت

کے اسٹامپ خرید کئے جائیں ۔

قاعدہ (۸۱) اسٹامپ فروش باعتبار عہدہ کو فیس متذکرۂ قاعدہ (۷۷) نقد دیجائیگی اور اجازت یافتہ کو بھرتہ متذکرۂ قاعد (۷۸ و ۷۹) بذریعہ اسٹامپ ادا کیا جائیگا۔

قاعدہ (۸۲) کوئی شخص بھی تحت قواعد ہذا اجازت نامہ فروخت اسٹامپ حاصل کرسکتا ہے ۔

قاعدہ (۸۳) جو شخص اجازت نامہ فروخت اسٹامپ حاصل کرنا چاہے اس کو لازم ہوگا کہ تعلقدار یا تحصیلدار اور صدو بلدہ و بیرون بلدہ حیدرآباد دکن میں انسپکٹر جنرل اسٹامپ سرکار عالی کے روبرو آٹھ آنہ کے ٹکٹ رسوم عدالت پر حصول اجازت نامہ فروخت اسٹامپ کی درخواست معہ صداقت نامہ نیک چلنی مصدقہ مجسٹریٹ درجہ اول پیش کرے اور درخواست میں وہ مقام جہاں وہ اسٹامپ فروخت کرنا چاہتا ہے ۔ اور اپنا پورا نام معہ ولدیت وسکونت و قوم و پیشہ درج کرے اور اس کے ساتھ ایک روپیہ کا کاغذ اسٹامپ دستاویزی بغرض اجرائی اجازت نامہ داخل کرے ۔ ایسی درخواست گذرنے پر تعلقدار یا تحصیلدار یا انسپکٹر جنرل (جیسی کہ صورت ہو) اجازت نامہ اسٹامپ فروشی حسب نمونہ مندرجہ ذیل بہ ثبت دستخط و مہر خود عطا کریگا ۔

نمونہ

اجازت نامہ اسٹامپ فروشی تحت قاعدہ (۸۳)

مہر

بنام ولد قوم ساکن

تم کو اس تحریر کی رو سے اجازت دیجاتی ہے کہ حسب شرائط مندرجہ اجازت نامہ

بذا و قواعد احکام سرکار نافذ الوقت کے ہمارے علاقہ کی حدود اراضی کے اندر آج کی تاریخ سے تاریخ ماہ سنہ تک اسٹامپ فروخت کیا کرین -

شرائط

(۱) صرف وہی قطعات اسٹامپ فروخت کرسکتے ہو جن کی قیمت فی قطعہ (۵۰) روپیہ سے زیادہ نہو اور جنکو تم سرکاری خزانہ سے حاصل کرین -

(۲) جو اسٹامپ قسم سوم متذکرہ قاعدہ (۱) تم فروخت کرین اُس کی پشت پر تاریخ فروخت سلسلہ کا نمبر اسٹامپ نام وسکونت خریدار اور نام اُس شخص کا جس کے واسطے اسٹامپ خریدا جاتا ہے - اور اس کی پوری قیمت الفاظ مین لکھدیا کرین اور اس عبارت ظہری پر اپنے دستخط ثبت کیا کرین اور یہی مراتب اُسی وقت اپنے رجسٹر فروخت اسٹامپ متذکرہ قاعدہ (۱۹) مین بھی درج کیا کرین -

(۳) تمہارے کے لئے یہ جائز نہو گا کہ دیدہ و دانستہ جھوٹی عبارت ظہری اسٹامپ فروخت شدہ پر یا جھوٹا اخلہ اپنے رجسٹر مین درج کرین -

(۴) تم کو لازم ہو گا کہ کوئی اسٹامپ جو تمہارے پاس فروخت کے لئے موجود ہو ہر ایسے شخص کی درخواست پر جو اُس کی قیمت بذریعہ کسی ایسے سکہ رائج الوقت کے جس کے ذریعہ سے مالگزاری سرکار ادا کی جاتی ہے پیش کرے فوراً اسکے حوالہ کردین

(۵) تم کو لازم ہو گا کہ کوئی ایسا اسٹامپ فروخت نہ کرین جو ناقابل استعمال قرار دیا گیا ہو -

(۶) تمہارے لئے جائز نہو گا کہ کسی اسٹامپ کی بابتہ علاوہ اُسکی اُس قیمت کے جو اُس پر منقش ہو خریدار سے کوئی اور رقم طلب یا قبول کرین -

(۷) تم کو لازم ہے کہ اپنے مقام فروخت اسٹامپ کے منظر عام پر باہر کی طرف ہمیشہ ایک تختہ لگائے رکھین جس مین تمہارا نام معہ الفاظ اسٹامپ فروش اجازت یافتہ اردو زبان مین اور مقام فروخت کی مروجہ ملکی زبان مین

جلی قلم سے لکھا ہوا ہو اور یہ بھی تم کو لازم ہے کہ بمقام فروخت اسٹامپ قانون اسٹامپ معہ ضمیمہ متعلقہ اور قواعد و احکام متعلقہ اسٹامپ جو منجانب سرکار عالی وقتاً فوقتاً جاری ہون اس طور پر موجود رکھین کہ خریدار انکا معائنہ بآسانی کر سکین

(۲) تم کو لازم ہے کہ حساب متذکرۂ قاعدہ (۷۹) اس طریقہ سے مرتب کر رکھین اور داخل کرین جس کا قاعدہ مذکور مین حکم ہے اور یہ بھی تم کو لازم ہے کہ اگر وہ عہدہ دار جاہے جس کا ذکر قاعدہ (۷۹) مین ہے حسابات اور رجسٹر اس کو معائنہ اور اپنے پاس کے موجودہ اسٹامپ کی روسے جانچ کرادین -

(۹) قواعد اسٹامپ کی خلاف ورزی کی صورت مین تم ان سزاؤن کے مستوجب ہونگے جو قانون مین مقرر ہین -

دستخط عہدہ دار عطا کنندہ اجازت نامہ

قاعدہ (۹۸) الف - اس عہدہ دار کو جو بروئے قواعد ہذا اجازت نامہ اسٹامپ فروشی عطا کرنے کا مجاز ہے اس بات کی احتیاط رکھنی لازمی ہے کہ اسٹامپ فروشی کا کام کسی ایک شخص کے ہاتھ مین بکثرت آجائے اور بلحاظ رفع ضرورت و تکلیف خلایق اسٹامپ فروشون کی ایک مناسب تعداد بلدہ بیرون بلدہ اور ہر ضلع یا تحصیل مین ہونی چاہیئے اور محض اس خیال سے اسٹامپ فروشی کی اجازت دینے سے انکار نہ کرنا چاہیئے کہ اس سے اسٹامپ فروشون کا منافع گھٹ جائیگا تعلقدار یا تحصیلدار یا انسپکٹر جنرل کو لازم ہے کہ اجازت یافتہ اسٹامپ فروشون کے تقرر کا ایسا معقول انتظام کرین کہ صرف ایسی صورت مین خریداران اسٹامپ خزانہ سرکاری پر جائین کہ جب اسٹامپ مطلوبہ اس قیمت کا ہو جس کی بابتہ اجازت یافتہ اسٹامپ فروشون کو کوئی پھیرتہ نہین ملتا -

(ب) اجازت یافتہ اسٹامپ فروشون کے کاروبار مین تصادم واقع نہ ہونے کے لئے یہ ضرورت ہے کہ اسٹامپ فروشی کی کسی دو دوکانات کے

درمیان کم از کم پانچسو گز کا فاصلہ رہے ۔
قاعدہ (۸۵) ہر اجازت نامہ صرف ایک سال فصلی کے لئے عطا کیا جا سکیگا اور تاریخ اجرائی سے ایک سال فصلی گذرنے پر خود بخود کالعدم ہو جائیگا لیکن اس مدت کے بعد اُس کی تجدید ہو سکیگی ۔
قاعدہ (۸۶) جس شخص کو اجازت نامہ اسٹامپ فروشی عطا ہو اس پر اُن شرائط اور احکام کی تعمیل لازم ہوگی جو اجازت نامہ مذکور اور قواعد ہذا مین درج ہون ۔ اور اگر ایسا شخص کسی شرط یا کسی قاعدہ مذکورہ کی خلاف ورزی کرے تو اسی سزا کا مستوجب ہوگا جو قانون اسٹامپ مین مقرر ہے ۔
قاعدہ (۸۷) کوئی اجازت یافتہ اسٹامپ فروش ایک اجازت نامہ کی بنا پر دو دوکانین اسٹامپ فروشی کی قائم نہ کر سکیگا اور نہ اُس تعلقدار یا تحصیلدار کے حدود اراضی کے باہر اسٹامپ فروخت کر سکیگا جس نے اُسکو اجازت نامہ عطا کیا ہو ۔
قاعدہ (۸۸) ہر اسٹامپ فروش اجازت یافتہ کو لازم ہوگا کہ مقام فروخت اسٹامپ مین منظر عام پر ایک تختہ لٹکائے رکھے جس بزبان ملکی (یعنی تلنگانہ مین تلنگی اور مرہٹواڑی مین مرہٹی اور جہان کنڑی زبان مروج ہو وہان کنڑی زبان) و بزبان اردو اور ان زبانون کے حروف مین اسکا نام معہ الفاظ اسٹامپ فروش اجازت یافتہ لکھا ہو نیز اس کو لازم ہوگا کہ مقام اسٹامپ فروشی مین قانون اسٹامپ معہ ضمیمہ متعلقہ کا نسخہ اور ان قواعد کا نسخہ جو تحت قانون مذکو منجانب سرکار عالی وقتاً فوقتاً نافذ کئے جائین خریدارون کے معائنہ کے واسطے موجود رکھے ۔
قاعدہ (۸۹) ہر اسٹامپ فروش اجازت یافتہ اور ہر اسٹامپ فروش باعتبار عہدہ کو لازم ہوگا کہ جب وہ کوئی قطعہ اسٹامپ قسم سوم مندرجہ قاعدہ (۱۷) فروخت کرے تو اُس کی پشت پر تاریخ فروخت اسٹامپ کا نمبر سلسلہ قیمت

اسٹامپ (الفاظ مین) نام خریدار سکونت خریدار اور نام اس شخص کا جس کے واسطے اسٹامپ خرید اجاتا ہے درج کرے اور اندراجات مذکور کے نیچے اپنے دستخط کردے اور اسی وقت یہی مراتب اپنے رجسٹر مین جس کو وہ اسی غرض کیلئے حسب نمونہ قاعدہ (۹۱) اپنے پاس رکھیگا درج کرلیا کرے مگر جو اسٹامپ کہ خزانہ سرکاری سے کسی اسٹامپ فروش اجازت یافتہ کے ذریعہ فروخت کے لئے دئیے جائین اُن پر مراتب مندرجہ بالا تحریر نہ کئے جائینگے۔ بلکہ وہی کارروائی ہوگی جو اُس وقت خزائن سرکاری مین ہوا کرتی تھی۔

قاعدہ (۹۰) ہر اسٹامپ فروش باعتبار عہدہ اور ہر اسٹامپ فروش اجازت یافتہ کو لازم ہوگا کہ کسی کاغذ اسٹامپ فروخت شدہ کی پشت پر جھوٹی تحریر نہ کرے اور نہ جھوٹا داخلہ اپنے رجسٹر مین درج کرے۔

قاعدہ (۹۱) ہر اسٹامپ فروش اجازت یافتہ اور ہر اسٹامپ فروش باعتبار عہدہ کو لازم ہوگا کہ روزآنہ فروخت اسٹامپ کا ایک رجسٹر حسب نمونہ مندرجہ ذیل اپنے پاس رکھے اور جس قدر اسٹامپ ہرروز فروخت کرے اس مین درج کرتا جائے۔

روزآنہ فروخت اسٹامپ کا رجسٹر

تاریخ فروخت	[illegible]	[illegible]	قیمت اسٹامپ	نام خریدار	سکونت خریدار	دستخط خریدار	سرٹیفکٹ محکومہ قاعدہ (۸) کی نسبت کیفیت۔ (اگر کوئی دیا گیا)
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

قاعدہ (۹۲) (۱) ہر اجازت یافتہ اسٹامپ فروش جو خزانہ سرکاری سے اسٹامپ حاصل کرے لازم ہوگا کہ ایک فہرست اسٹامپ مطلوبہ کی خزانہ نقد رقم کے ساتھ داخل کرے اور ایک رجسٹر اپنے پاس رکھے جسکی خانہ پری بموجب اندراجات فہرست کرکے اُس کی تصدیق مہتمم خزانہ سے وقتاً فوقتاً کرالیا کرے۔

(۲) ہر اجازت یافتہ اسٹامپ فروش اپنے پاس ایک سیاہہ رکھیگا جسمین حسب تفصیل ذیل خانہ جات ہونگے۔

(۱) تاریخ جمع وخرچ

(۲) ابواب

(۳) جمع

(۴) خرچ

(۵) باقی

(۶) کیفیت

خانہ (۲) مین قسم اسٹامپ (یعنی ممہور ایک آنہ یا دو آنہ) درج ہونگے۔ خانہ جات (۳ و ۴ و ۵) مین تعداد کاغذات کے اندراج کی ضرورت نہین۔ مجموعی قیمت لکھدینا کافی ہے۔

قاعدہ (۹۳) خزانہ دار ضلع اور فوطہ دار تحصیل کو لازم ہوگا کہ عوام کو اور اجازت یافتہ اسٹامپ فروشوں کو ہر قسم کا اسٹامپ بغرض فروخت اُن کو دیا گیا ہو بموجب ہدایات مندرجہ قواعد ہذا و بمتابعت شرائط مندرجہ اجازت نامجات اسٹامپ فروشان فروخت کیا کرین اور پھرتہ بموجب قواعد ہذا ادا کیا کرین۔

قاعدہ (۹۴) ہر اسٹامپ فروش اجازت یافتہ اور ہر اسٹامپ فروش باعتبار عہدہ کو لازم ہوگا کہ کوئی اسٹامپ جو اُس کے پاس بغرض فروخت موجود ہو

ہر ایسے شخص کی درخواست پر جو اُس کی قیمت بذریعہ کسی ایسے سکہ رائج الوقت کے جسکے ذریعہ سے مالگزاری سرکار ادا ہوتی ہے پیش کرے فوراً اُسکے حوالہ کردے

قاعدہ (۹۵) ہر فروشندہ اسٹامپ کو لازم ہوگا کہ جس قسم اسٹامپ کی جو قیمت اُس کی مہر مین درج اُس سے زیادہ قیمت یا سوائے قیمت مقررہ کے کوئی اور شئے طلب یا قبول نہ کرے اگر اُسکے خلاف زیادہ قیمت یا کوئی اور شئے طلب یا قبول کیجائیگی تو خاطی علاوہ اُس سزا کے جو قانون مین مقرر ہے اس بات کا بھی مستوجب ہوگا کہ اگر وہ اجازت یافتہ اسٹامپ فروش ہو تو اُسکا اجازت نامہ منسوخ کردیا جائے اور پھر کبھی اُس کو اجازت نامہ فروخت اسٹامپ عطا نہ کیا جائے

قاعدہ (۹۶) کوئی فروشندہ اسٹامپ ایسے اسٹامپ فروخت نکریگا جس کا استعمال بحکم سرکار متروک قرار دیا گیا ہو۔

قاعدہ (۹۷) اجازت یافتہ اسٹامپ فروش کو لازم ہوگا کہ وہ حساب جس طرح انسپکٹر جنرل اسٹامپ ہدایت کرے مرتب رکھکر اُس محکمہ مین جہان سے اُس نے اجازت حاصل کی ہو داخل کرے تعلقدار یا اُس عہدہ دار کو جس کو تعلقدار نے معائنہ کا مجاز کیا ہو یا تحصیلدار کو ہر وقت حساب مذکور اور رجسٹر جس کے مرتب رکھنے کا قاعدہ (۹۱) مین حکم ہے اُس ذخیرہ اسٹامپ کے ساتھ جو اُس کے پاس موجود ہو معائنہ کرائے۔

قاعدہ (۹۸) سرکاری دفاتر مین ہر وقت اندرون اوقات دفتر اسٹامپ فروخت کیا جائیگا۔ خانگی مقام پر اسٹامپ فروش ایسا انتظام رکھیگا کہ اوقات دفتر کے ماقبل یا مابعد بھی خریدارون کو اسٹامپ فروخت ہوسکے۔

قاعدہ (۹۹) کوئی شخص جسکو اجازت نامہ اسٹامپ فروشی عطا کیا گیا ہو اگر اجازت نامہ کے نفاذ کے زمانہ مین فوت ہوجائے یا فتور عقل یا کسی اور جسمانی نقص کی وجہ سے کاروبار کے قابل نہ رہے یا قید ہوجائے یا اسٹامپ

فروشی سے دست بردار ہو جائے یا حسب قاعدہ (۹۵) اُس کا اجازت نامہ قابل منسوخی قرار پائے تو جس عہدہ دار نے اجازت نامہ عطا کیا ہو یا اُس کا قائم مقام ایسے شخص کے اجازت نامہ کو اپنے حکم سے منسوخ کر سکیگا مگر شرط یہ ہے کہ منجملہ وجوہ متذکرۂ بالا کسی وجہ سے اجازت نامہ قابل منسوخی قرار پانیکی صورت مین منسوخی کا حکم صادر کرنے کے قبل اُس کی نسبت کافی اطمینان کر لینا ضروری ہے نیز شرط یہ ہے کہ اگر اجازت نامہ اجازت یافتہ کے قید ہو جانیکی وجہ سے منسوخ کیا جائے تو قید کی میعاد اجازت نامہ کی غیر منقضی میعاد کے دو ثلث سے کم نہ ہو۔

قاعدہ (۱۰۰) ضمن (۱) جب حسب قاعدہ (۸۵ یا ۹۹) اجازت نامہ کالعدم یا منسوخ ہو جائے تو اجازت یافتہ کو یا اگر وہ فوت ہو گیا ہو تو اُسکے وارث یا قائم مقام کو یا اگر وہ فاتر العقل ہو گیا ہو تو اُس کے محافظ کو یا اگر قید ہو گیا ہو تو اُس کے کاربرداز کو لازم ہے کہ اصالتاً یا بذریعہ مختار مجاز اُس خزانہ مین جہان سے کہ اسٹامپ خرید ے گئے ہون یا تعلقدار ضلع کے محکمہ مین وہ کل اسٹامپ جو اجازت نامہ کے کالعدم یا منسوخ ہونے کے وقت اجازت یافتہ کے پاس غیر فروخت شدہ موجود ہون اور جس کے داخل کرنے پر وہ قادر ہو داخل کردے اگر وہ اسٹامپ بادائی قیمت شخص اجازت یافتہ نے خزانہ سے حاصل کئے تھے تو اُس پھر تہ کو مجرا دیکر جو اُس کو مل چکا ہے اسٹامپ کی قیمت اسٹامپ داخل کرنیوالے کو واپس کی جائیگی۔

ضمن (۲) صورت ہائے متذکرۂ ضمن (۱) مین غیر فروخت شدہ اسٹامپ کی واپسی کی مدت تاریخ فوتی یا فاتر العقلی یا سزائے قید سے ایک سال ہو گی۔

قاعدہ (۱۰۱) مگر جو شخص اپنے اجازت نامہ کی میعاد گذر جانے پر دوسرا اجازت نامہ آیندہ سال کے واسطے حاصل کرے اُس کے لئے اسٹامپ غیر فروخت شدہ کی واپسی لازم نہ ہو گی بلکہ اسٹامپ مذکورہ کو وہ دوسرے سال بعد حصول

اجازت نامہ جدید فروخت کر سکے گا۔

قاعدہ (۱۰۲) تاریخ خریدی اسٹامپ سے اندرون ایک سال اجازت یافتہ اسٹامپ فروش کی درخواست پر ناظم ضلع بصورت ثبوت اس امر کے کہ شخص اجازت یافتہ نے اسٹامپ باداکی قیمت حاصل کئے تھے اس پھرتہ کو جو اس کو مل چکا ہو قیمت اسٹامپ میں سے مجرا لیکر باقی رقم یا اس قیمت کے جدید اسٹامپ اس کو عطا کر سکے گا۔

قاعدہ (۱۰۳) جب کسی ایک مقام میں خزانہ دار و فوطہ دار دونوں موجود ہوں وہاں فیس فروخت اسٹامپ خزانہ داری کو ملنا اور فروخت اسٹامپ کا کام خزانہ داری سے متعلق رہنا مناسب ہوگا۔ البتہ خزانہ دار بطور خود فوطہ دار سے کام لے سکتا ہے لیکن جواب وہ فوطہ دار نہ ہوگا۔ بلکہ ذمہ داری اور جواب دہی خزانہ داری پر رہیگی۔

قاعدہ (۱۰۴) حسب ہدایت انسپکٹر جنرل ان مواضعات کے پٹیل یا پٹواری کو جہاں کی خانہ شماری پانچسو سے کم نہ ہو اسٹامپ مختلف القیمت بلحاظ ضرورت مقامی فی کس بیس روپیہ تک بغرض فروخت پیشگی دیا جاسکیگا اور اس فروخت پر حق البیع بلحاظ عہدہ انہیں دیا جائیگا اور اگر اشخاص مذکور باداکی قیمت نقد اسٹامپ خریدیں تو ان کو حق البیع حسب احکام متعلق اسٹامپ فروشان اجازت یافتہ دیا جائیگا۔

قاعدہ (۱۰۵) قاعدہ (۱۰۴) کا حکم ان مواضعات سے بھی متعلق ہوگا جو کسی علاقہ جاگیر یا سمستان یا پائیگاہ میں واقع ہوں ایسے موضع میں جہاں علاقہ مذکور کو اسٹامپ رعایتی قیمت سے دیا جاتا ہو فروخت اسٹامپ کا انتظام بتوسط علاقہ مذکور کیا جائیگا جس پر تعلقدار کی نگرانی رہیگی مگر کسی حال میں ایسے کسی موضع کے پٹیل یا پٹواری کو اسٹامپ بطور پیشگی علاقہ دیوانی سے نہیں دیا جائیگا۔ بلکہ علاقہ متعلقہ سے مل سکیگا ایسے مواضع میں جہاں اسٹامپ رعایتی قیمت سے نہ دیا جاتا ہو

تعلقدار کو لازم ہو گا کہ بذریعہ اسٹامپ فروش اجازت یافتہ فروخت اسٹامپ کا انتظام کرے ۔

قاعدہ (۱۰۶) پٹیلوں اور پٹواریوں کو لازم ہو گا کہ اسٹامپ کی فروخت اور اشاعت کی کوشش کریں ۔

قاعدہ (۱۰۷) قیمت اسٹامپ کی بابتہ جملہ رقوم جو خزانہ سرکاری میں علاقہ جات جاگیر و پائیگاہ و سمستان سے وصول ہوں وہ ابواب سرکاری کے صدر مد (۵) لف کاغذ مہور میں بمدبخشتہ جمع کیجائیگی ۔

قاعدہ (۱۰۸) علاقہ جاگیرات سے قیمت اسٹامپ مطلوبہ کے علاوہ کوئی رقم بابتہ محصول ڈاک بھیجنے کی ضرورت نہ ہو گی صرف رسید اور قیمت اسٹامپ وصول ہونے پر دفتر دار الضرب و کاغذ مہور سرکار عالی سے مطلوبہ جات اسٹامپ بلا اخذ مصارف محصول روانگی ذریعہ سرویس ٹکٹ اجرا ہوا کریں گے ۔

قاعدہ (۱۰۹) سرویس ٹکٹ کا تبادلہ کسی دوسرے قسم کے ٹکٹ کیساتھ جائز نہو گا

قاعدہ (۱۱۰) خزانہ عامرہ صدر خزائن اضلاع سرکار عالی علاقہ جات صرفخاص و پائیگاہ و جاگیرات وغیرہ رقبہ جات مفوضہ کو اسٹامپ مطلوبہ بمنظوری انسپکٹر جنرل اسٹامپ راست دفتر دار الضرب و مہور سرکار عالی سے دیا جائے گا ۔

قاعدہ (۱۱۱) جب کسی خزانہ کو اسٹامپ غیر فروخت شدہ وغیرہ واپس کرنا ہو تو اولاً بہ ترتیب و ترسیل فہرست اسٹامپ واپس شدنی دفتر انسپکٹر جنرل اسٹامپ سے اجازت حاصل کرلینی ہو گی اور بعدہ حسب ہدایت دفتر انسپکٹر جنرل اسٹامپ دفتر دار الضرب پر بذریعہ بہنگی روانہ کئے جائیں گے ۔

قاعدہ (۱۱۲) رسدی اغراض کے لئے جدید ٹکٹ ٹپہ اقسام آٹھ پائی و چار پائی و ایک آنہ مشترکہ طور پر استعمال کئے جاسکیں گے ۔

قاعدہ (۱۱۳) مطلوبہ جات اسٹامپ صدر خزائن اضلاع و جاگیرات وغیرہ سے بلحاظ احکام و قواعد نافذہ متعلق سربراہی و فروخت اسٹامپ مندرجہ جریدہ

نمبر (۷۴) مطبوعہ ۲۴ امرداد ۱۳۲۳ف روانہ ہوا کرین گے بہ خلاف احکام مذکور مطلوبہ جات بے وقت یا بار بار روانہ کئے جائین گے تو دفتر متعلقہ مستوجب بازپرس اور نقصان یا ہرج کار سرکاری کا جوابدہ اور ذمہ دار ہوگا۔

قاعدہ (۱۱۴) خزائن سرکاری سے جسقدر کاغذات اسٹامپ کسی خزانہ تحت یا کسی دوسرے دفتر یا اجازت یافتہ اسٹامپ فروشون یا پٹیل یا پٹواریون کو اجرا کئے جائین انکے انگریزی نشانات مطبوعہ کا داخلہ لازمی طور پر دفتر اجرا کنندہ مین رکھ لیا جانا چاہئے۔ ورنہ حق البیع سوخت اور سخت تدارک کیا جائیگا۔

قاعدہ (۱۱۵) بوقت کارروائی اتلاف اسٹامپ کا صرف بالائی مہر حصہ تراش کر جلا دیا جائیگا اور جو حصہ زیرین جو محض سادہ کاغذ ہے وہ دفتر کے اغراض اور ضرورتون مین حسب مناسب کام مین لایا جا سکیگا اور جسقدر سادہ کاغذ ضرورت سے زاید ہو وہ ہراج کیا جاکر اسکی قیمت بحق سرکار بمد آمدنی اسٹامپ جمع کیجائیگی دفتر مہتمم دارالضرب مین بھی حسبہ عمل ہوگا۔

قاعدہ (۱۱۶) علاقہ جات پائیگاہ و جاگیرات و سمستان کے متعلقہ اسٹامپ منقشہ پر سرکاری طور سے حرف لفظ "جاگیر" طبع ہونا کافی ہے اور علاقہ جات مذکور کو لازم ہے کہ اسٹامپ فروشون کو اسٹامپ بغرض فروخت دینے سے پہلے ان پر اپنے علاقہ کی مہر یا اپنی نام کی مہر ثبت کر دیا کرین۔

قاعدہ (۱۱۷) علاقہ صرفخاص مبارک مین فروخت اسٹامپ سے جو آمدنی ہوگی وہ حسابات دیوانی مین بلا تفریق و امتیاز صدمد "۵ - الف" کاغذ مختوم " مین جمع کیجائیگی۔

قاعدہ (۱۱۸) علاوہ خزائن علاقہ دیوانی کے رقبہ جات مفوضہ و زیر نگرانی دیوانی مین گودام اسٹامپ بغرض فروخت علی حالہ قائم رہینگے۔ اور مہینہ مین ایک یا دو مرتبہ وصول شدہ قیمت خزانہ دیوانی مین داخل کیجائیگی۔

قاعدہ (۱۱۹) اسٹامپ فروش مجاز نہ ہونگے کہ فروخت شدنی اسٹامپ پر

قبل از فروخت عبارت فروخت اور دستخط درج کرکے رکھیں یا ایسے اسٹامپ جن پر عبارت اور دستخط درج ہوئی ہو کسی غیر اجازت یافتہ اشخاص کو فروخت کے لئے حوالہ کریں بصورت خلاف ورزی احکام دفعہ ہذا وہ تحت قانون سزا کے مستوجب ہونگے۔

قاعدہ (۱۲۰) آیندہ اگر اسٹامپ کے مطلوبہ جات نمونہ مقررہ سالانہ کے خلاف غیر صحیح باشتراک اقسام اسٹامپ دستاویزی وعدالتی یا بلا اندراج تعداد سلک و خرچ حقیقی یا بلا انسلاک نقول ضروری یا بلا موجودگی کافی ذخیرہ یا بلالحاظ سالم تختہ ہائے ٹکٹ یا ایک سال میں کئی مرتبہ بلا اظہار وجوہ خاص محکمہ ہذا میں وصول ہونگے تو بلا مزید کارروائی واپس کردئے جائیں گے اور ہرج و نقصان کی ذمہ داری خزائن متعلقہ پر عاید ہوگی۔

قاعدہ (۱۲۱) ایک آنہ والے ٹکٹ پچاس روپیہ کی قیمت تک مہتمان آبکاری کو بعنوان پیشگی دئے جاسکیں گے۔

قاعدہ (۱۲۲) اسٹامپ فروشوں یا ملازمین سررشتہ ٹپہ کو ٹکٹ ٹپہ کی فروخت پر کوئی حق البیع نہ دیا جائیگا اسٹامپ فروشان کو لازم ہوگا کہ کاغذات اسٹامپ وغیرہ کے ساتھ ٹکٹ ٹپہ ایک آنہ بابتہ رسید مہیا رکھیں۔

قاعدہ (۱۲۳) علاقہ جات جاگیر یا سمستان یا پائیگاہ کو جنہیں اختیارات عدالتی حاصل ہیں۔ اسٹامپ دستاویزی قیمت موضوعہ پر برعایت (۷) روپیہ (۸) آنہ فیصدی مہیا کیا جائے گا۔

مثلاً اسٹامپ مطلوبہ کی مجموعی مالیت (۲۰۰) روپیہ ہونیکی صورت میں علاقہ خرید کنندہ کو (۱۸۵) روپیہ خزانہ سرکاری میں داخل کرنے ہونگے۔

قاعدہ (۱۲۴) علاقہ جات جاگیر و پائیگاہ و سمستان اپنے اپنے دفاتر میں بطور خاص بتاکید احکام جاری کرینگے کہ چالانات اور مطلوبہ جات کی رقوم میں ہمیشہ مطابقت و یکسانیت قائم رکھی جائے۔

قاعدہ (۱۲۵) دفاتر جاگیر و سمستان و پائیگاہ سے بقدر رقوم مدخلہ مطلوبہ جات اسٹامپ بالکل صحیح طور سے مرتب اور روانہ کئے جانے کا انتظام کیا جائیگا اگر کسی علاقہ کی کچھ رقم مطلوبہ فاضل یا زاید بطور کسرات برآمد ہو تو اُس کا معاوضہ نہ ملسکے گا اور وہ بحق سرکار جمع شدہ متصور ہوگی

قاعدہ (۱۲۶) تمام رجسٹرات زبان اردو مین رہنا چاہئے اگر فوطہ دار کروی اور رجسٹر فروخت اسٹامپ تلنگی یا مرہٹی زبان مین حسب نمونہ جات منسلکہ رکھے تو دفتر مین اس کا ترجمہ بزبان اردو مرتب ہونا چاہئے۔ تاکہ مہتمم خزانہ روزآنہ مقابلہ کرسکین اگر عہدہ دار زبان ملکی سے بخوبی واقف ہے تو ترجمہ کی ضرورت نہین

باب دہم متفرق احکام

قاعدہ (۱۲۷) کورٹ آف واڈز کے لکھے ہوے دستاویزات اور اُنکے نقول ہی اسٹامپ پر تحریر ہونگے

قاعدہ (۱۲۸) ضمانت نامہ مختار نامہ صلحنامہ یا دوسری کوئی دستاویز بعد ادائی رسوم عدالت راست یا بتوسط عدالت بغرض رجسٹری پیش ہو تو اُس پر رسوم اسٹامپ تحت قانون واجب الاخذ ہوگا اور بعد ادائی ایسے رسوم کے اُن کی رجسٹری باخذ فیس مقرر کیجائے گی اور دستاویز مذکور عدالت کے ذریعہ وصول ہونے کے صورت مین عدالت کو اور راست پیش ہونیکے صورت مین شخص پیش کنندہ کو یا جسکو وہ مجاز کرے واپس کیجائیگی۔

قاعدہ (۱۲۹) برآمدات اور کاغذات وثیقہ خرچ پر ٹکٹ رسیدی ثبت شدہ اس طرح بیکار کردئے جائینگے کہ مکرر مستعمل نہ ہوسکے۔

قاعدہ (۱۳۰) رقم سود پر امیسری نوٹ وحصہ داران ریلوے یا نقدی معاش کی ہر قسم کی رقم جو خزانہ سرکار سے کسی شخص کو واجب الادا ہو بجز اس رقم کے جو کارروائی متدائرہ سررشتہ عدالت مین کسی بنا پر قابل ایصال قرار پائے بذریعہ مختار نامہ اسٹامپ زدہ خزائن سے حاصل کیجائے گی جس کے لئے وکالت نامہ ناکافی ہے۔

قاعدہ (۱۳۱) آئندہ سے اسٹامپ کی خانگی بیع کسی طرح جائز متصور نہوگی جو شخص اس حکم کی خلاف ورزی کرے وہ قانون کی دفعہ (۶۵) ضمن (ب) کے تحت مستوجب سزا ہوگا۔

قاعدہ (۱۳۲) عدالت العالیہ سے تمام عدالتون کی بابتہ سالانہ تختہ جات وصول تاوان وہجند دفتر انسپکٹر جنرل اسٹامپ مین بہیجے جائینگے۔

قاعدہ (۱۳۳) انسپکٹر جنرل اسٹامپ مجاز ہے کہ بغرض تنقیح اسٹامپ کل دفاتر سرکاری وعلاقہ جات جاگیر ولوکلفنڈ ودفاتر علاقہ صرف خاص مبارک مفوضہ دیوانی وصدر دفاتر پائیگاہ کا خود معائنہ کرین یا اپنے ماتحت عہدہ دارون کے ذریعہ کرائین اور پائیگاہون کے تحتی دفاتر کی نگرانی بذریعہ صدر دفتر پائیگاہ ان کا معائنہ کراکے اور تختہ جات ورپورٹ وغیرہ طلب کرکے کرتے رہین انسپکٹر جنرل اسٹامپ جن دفاتر کے معائنہ کے مجاز گردانے جاتے ہین اُنکے محافظ خانون مین داخل ہوکر وہ دستاویزات کی تنقیح کرسکین گے۔

قاعدہ (۱۳۴) جب انسپکٹر جنرل اسٹامپ وانسپکٹران سررشتہ مذکور کے اثناء تنقیح مین یہ پایا جائے کہ کسی دفتر تنقیح شدہ مین اہل معاملہ نے دستاویزات یا درخواستون یا رسائد یا نقول عطا شدہ کا رسوم بموجب قوانین نافذہ ادا نہین کیا ہے یا اُن کی بابتہ ناقص القیمت اسٹامپ داخل کیا ہے توجسقدر رقم نقصان سرکار کی برآمد ہو اُس کے وصول کے لئے حسب طریقہ ذیل عمل کیا جائے گا

(۱) جسقدر رسوم کی بدر دفاتر سرکاری مین برآمد ہو اُسکا بار اُن اہلکاران ذمہ دار وعہدہ داران متعلقہ پر عاید ہوگا جن کی غفلت یا تساہل سے رسوم سرکاری کا نقصان ہوا ہو بشرطیکہ اس کا تکملہ حسب احکام قانون محولہ بالا اہل معاملات سے نہ کرا جا سکتا ہو یا رقم رسوم کے اہل معاملات سے وصول کیئے جانیکا موقع باقی نہ رہا ہو دفاتر پائیگاہ جاگیرات وسمستانات سے تا بجد نقصان

سرکاری اس کی ذمہ داری عہدہ داران یا عمال پائیگاہ جاگیر و سمستانات پر رہیگی علاقہ پائیگاہ جاگیر یا سمستان اُس کی تلافی عہدہ داران ذمہ دار سے کرا سکتے ہین عدم تلافی نقصان کی صورت مین کارروائی بتوسط معتمد مالگزاری عمل مین آئے گی۔

(۲) رقم بدر کی اطلاع بذریعہ فرد تنقیح دفتر انسپکٹر جنرل اسٹامپ سے دفتر متعلقہ کو دیجائیگی اگر دفتر متعلقہ نے رقوم بدر کو تسلیم کر لیا ہو تو لازم ہو گا کہ تاریخ وصول فرد تنقیح سے دو ماہ کے اندر اہل معاملہ یا اُس ملازم یا افسر سے جسکو فرد تنقیح مین ذمہ دار قرار دیا گیا ہو (یعنی جیسی کہ صورت ہو) رسوم وصول کرکے اگر امثلہ مین رسوم کا تکملہ کرنا ہو تو اسٹامپ کی صورت مین اُس کا تکملہ کردے یا اگر نقد رقم قابل ادخال ہو تو خزانہ سرکاری مین بمد متعلقہ نقد جمع کرا کے تاریخ و نشان چالان سے انسپکٹر جنرل اسٹامپ کو مطلع کرے۔

(۳) جب دفتر متعلقہ کو اسقام در رقوم برآمد شدہ ملازمان ذمہ دار کی نسبت اختلاف اور اپنی رائے پر اصرار ہو تو انسپکٹر جنرل اسٹامپ اس کارروائی کو اپنی رائے کے ساتھ معتمدی متعلقہ مین بغرض حکم آخر روانہ کریگا۔ اور بصورت ضرورت مشیر قانونی سے مشورہ لینے کے بعد اس بارے مین جو حکم صدر المہام بہادر علاقہ صادر فرمائین گے وہ قطعی ہو گا۔

دفتر متعلقہ کا فرض ہو گا کہ حکم کی اطلاع کی تاریخ سے دو ماہ کے اندر حسب فقرہ (۲) وصول رسوم اور تکملہ اسٹامپ یا جمع رقم کا عمل کرین۔

(۴) اگر احکام مندرجہ فقرات (۲ و ۳) کی دفتر متعلقہ مین تعمیل نہ ہو تو انسپکٹر جنرل اسٹامپ مجاز ہون گے کہ جسقدر رقوم بدر واجب الوصول ہوں وہ ذمہ دار عہدہ داران یا اہلکاران کی تنخواہ سے وضع اور وصول کئے جانے کا انتظام کرین وضعات کی تحریک دفتر صدر محاسبی سرکار عالی یا خزانہ ضلع متعلقہ مین بھیجکر اسکی اطلاع دفتر متعلقہ کو بھی دیجائیگی اور دفتر صدر محاسبی سرکار عالی

یا خزانہ ضلع سے حسب ضابطہ وضعات ہو کر رقم بدر مد متعلقہ مین جمع کیجائیگی -
(۵) وضعات بابتہ وصول بدر کے متعلق احکام مصدرہ کا مرافعہ تاریخ صدور حکم سے دو ماہ کے اندر محکمہ معتمد عدالت وکوتوالی وامور عامہ مین بغرض صدور حکم صدر اعظم بہادر پیش ہوسکیگا اور اس بارہ مین صدر اعظم بہادر کا حکم قطعی ہوگا -
(۶) جب بلا ادائی رسوم کوئی دستاویز یا درخواست یا رسید کسی دفتر مین داخل کی گئی ہو یا کوئی نقل دی گئی ہو اور ہنوز وہ زیر کارروائی ہو تو افسر دفتر متعلقہ مجاز ہوگا کہ ادخال یا تکملہ رسوم کا انتظام کرے -

قاعدہ (۱۳۵) انسپکٹر جنرل اسٹامپ کے حکم کے بموجب جس عہدہ دار سے جتنی رقم وصول طلب قرار دیجائے وہ اس سے وصول کیجائیگی وصول کے لئے اُس کی تنخواہ سے وضعات کا عمل بلا استرضاء آغاز کر دیا جائے گا -

قاعدہ (۱۳۶) سررشتہ مال مین اراضی کے متعلق راضی نامہ کی درخواستین علی العموم تین عنوان سے پیش ہوتی ہین -
(۱) درخواست جس مین پٹہ دار بوجہ ناداری یا عدم قابلیت اراضی کو بلا معاوضہ چھوڑتا ہے یہ بشکل صحیح طور پر استعفا ریا راضی نامہ کے مفہوم مین داخل ہے
(۲) درخواست جس مین پٹہ دار اپنی اراضی دوسرے کے نام منتقل کرتا ہے اس صراحت کے ساتھ کہ وہ بیع یا رہن یا ہبہ یا کسی اور طور پر منتقل کی گئی ہے -
(۳) درخواست جس مین پٹہ دار اپنی اراضی دوسرے نام منتقل کرتا ہے لیکن کوئی معاوضہ یا وجہ ایسے انتقال کی درخواست مین ظاہر نہین کرتا -

توضیح -

(۱) درخواست قسم اول بلحاظ حفاظت اغراض سررشتہ مال قانوناً پابند رسوم اسٹامپ ورجسٹری نہین ہے کیونکہ وہ محض پٹہ سے دست برداری ہے اس پر فوراً کارروائی ضابطہ محکمہ مال سے ہونے مین کوئی امر مانع نہین ہے -
(۲) درخواست قسم دوم جبکہ اُس کے ساتھ کوئی باضابطہ بیع نامہ یا رہن نامہ

وغیرہ یا اُس کی نقل نہو بلحاظ مراتب مندرجہ حسب منشاء قانون قابل ادائی رسوم اسٹامپ اور مستوجب رجسٹری ہے البتہ جب مالیت اراضی ایکسو روپیہ سے کم ہو تو رجسٹری اختیاری ہو گی لیکن اس پر حسب ضابطہ اسٹامپ وصول ہونا چاہیئے ایسی درخواست پر عہدہ داران مال کو کوئی کارروائی یا تصدیق نہ کرنی چاہیئے تا وقتیکہ حسب ضابطہ اسٹامپ و رجسٹری کے متعلق قانونی احکام کی تکمیل نہ ہو جائے۔

(۳) درخواست قسم سوم جس کے ساتھ نہ کوئی بیع نامہ وغیرہ ہو اور نہ اُس مین کوئی وجہ انتقال درج کی گئی ہو ایسی درخواست ہے جس مین اکثر بدنیت اشخاص کو سرکاری رسوم سے بچنے اور مفلس و جاہل رعایا کے حقوق دار اضیات پر آسانی کے ساتھ قابض ہونے کا موقع ملا کرتا ہے اس کے متعلق عہدہ داران مال کو قبل کارروائی وجہ انتقال معلوم کرنی ضروری ہے اور وجہ دریافت کرنے کے بعد متذکرۂ بالا دونون اقسام مین سے جس قسم مین درخواست مذکور داخل ہو سکتی ہو اُسکے لحاظ سے عمل کرنا چاہیئے۔

قاعدہ (۱۳۷) جن دفاتر یا عدالتون کو پیشگی اسٹامپ دیا گیا ہے یا آیندہ دیا جائے دفاتر خزائن اُن سے تختہ جات وصول باقیات کا مطالبہ نہ کیا کرین بلکہ حسب نمونہ منسلکہ نمبر (۳) ان سے مطلوبہ اسٹامپ لیا جائے جس سے اسٹامپ حاصل شدہ اور اُس کی سلک فروخت کی کیفیت بخوبی معلوم ہوتی رہے گی اور یہ طریقہ پٹیل یا پٹوری کے پیشگی اسٹامپ سے بھی متعلق کیا جا سکیگا۔

قاعدہ (۱۳۸) ضمیمہ قانون کی مد (۱۴) کے مستثنیٰ (۲) کے اغراض کے لئے الفاظ عہدہ داران سرکاری مین کل ملازمان سرکاری داخل ہین لیکن ملازمین جاگیر یا سمستان یا پائیگاہ ملازمین سرکاری مین داخل متصور نہون گے۔

قاعدہ (۱۳۹) تنقیحات صیغہ اسٹامپ مین جبکہ بدر کی مقدار پچاس روپیہ سے زاید ہو یا کارروائی کی اہمیت متقضاضی ہو محکمہ سرکار کو اطلاع دیجائیگی لیکن جن امثلہ مین مذکورہ بدر کی مقدار پچاس یا پچاس سے کم ہو ان کے وصول کی کل کارروائی دفتر انسپکٹر جنرل سے ہوگی اور بعد تکمیل کارروائی نتیجہ آخر سے محکمہ سرکار کو اطلاع دیجائیگی۔

قاعدہ (۱۴۰) تعلقداران اضلاع جو ازروئے قانون تعلقدار اسٹامپ قرار دئے گئے ہیں دفاتر سمتانات و جاگیرات کی تنقیح کے مجاز ہون گے۔

قاعدہ (۱۴۱) قواعد ہذا کی خلاف ورزی کی صورت مین شخص خاطی پر انسپکٹر جنرل تا بحد یک صد روپیہ جرمانہ کرنے کا مجاز ہوگا۔

قاعدہ (۱۴۲) تحصیلداران و تعلقداران جو مجاز تقرر اسٹامپ فروشان ہین اپنے اپنے حدود ارضی کے اندر کسی اسٹامپ فروش پر بہ صیغہ انتظامی جرمانہ کرنے کے مجاز ہونگے اور انسپکٹر جنرل اسٹامپ کل ممالک محروسہ سرکار عالی مین کسی اسٹامپ فروش پر جرمانہ کرسکیگا۔

الف۔ کسی تحصیلدار کی تجویز جرمانہ کا مرافعہ تعلقدار ضلع کے پاس اور تعلقدار مذکور کی تجویز کا مرافعہ انسپکٹر جنرل اسٹامپ کے پاس کیا جاسکیگا انسپکٹر جنرل کی تجویز جرمانہ کی ناراضی سے اگر مرافعہ کیا جائے تو اسکی سماعت حاکم اعلیٰ نگرانی اسٹامپ کریگا۔ مگر کسی حال مین دو مرافعون سے زیادہ کی سماعت جائز نہ ہوگی۔

ب۔ ترتیب و ترسیل مقررہ تختہ جات مطلوبہ جات اسٹامپ ماہانہ سالانہ کے متعلق احکام کی عدم تعمیل کی صورت مین انسپکٹر جنرل اسٹامپ فوطہ داران تحصیل و خزانہ داران اضلاع یا دیگر اشخاص متعلقہ پر جرمانہ یا سلکاون کی سزا تجویز کرسکیگا جس کا مرافعہ باجلاس حاکم اعلیٰ نگرانی اسٹامپ

ہو سکے گا۔

ج ۔ اس جرمانہ کی مقدار حدود ذیل سے متجاوز نہ ہو سکیگی ۔

(۱) جرمانہ کی مقدار جو کوئی تحصیلدار کسی اسٹامپ فروش پر عاید کرے پانچ روپیہ ۔

(۲) جرمانہ کی مقدار جو کوئی تعلقدار ضلع کسی اسٹامپ فروش پر عاید کرے دس روپیہ ۔

توضیح ۔ تحت قاعدہ (۱۴۱) اُس جرمانہ کی حد معین کر دی گئی ہے جو انسپکٹر جنرل عاید کر سکتا ہے ۔ علاوہ سزائے جرمانہ کے اگر ضرورت ہو تو اجازت اسٹامپ فروشی بھی منسوخ کیجا سکیگی فقط ۔

تنقیح عرائض واپسی اسٹامپ مدخلہ محکمہ (نمبر ۱) سرکار عالی (صیغہ اسٹامپ)

نمبر شمار	فقرات تنقیحات وکیفیت	نمبر فقرات	جواب فقرات	تجویز عہدہ دار
۱	۲	۳	۴	۵
۱	عرضی اصالتاً پیش ہوئی ہے یا وکالتاً یا مختارتاً اور بصورت ثانی وکالت نامہ یا مختار نامہ حسب ضابطہ داخل ہوا ہے یا نہیں	۱		
۲	عرضی پر عرضیگذار کے و نیز مختار یا وکیل کے دستخط یا ابہام ثبت ہے یا نہیں	۲		
۳	عرضی پر صحیح تاریخ پیش ہونیکی درج ہے یا نہیں	۳		
۴	عرضی بین المیعاد پیش ہوئی ہے یا خارج المیعاد بصورت اول کس دفعہ قانون اسٹامپ یا قواعد قانون رسوم عدالت کے لحاظ سے	۴		
۵	اصل اسٹامپ جسکی نسبت واپسی کی استدعا ہے منسلک ہے یا نہیں اور ہے تو وہ محررہ تکمیل کردہ ہے یا محررہ غیر تکمیل کردہ یا سادہ	۵		
۶	اصل اسٹامپ پر عبارت ظہری نوشتہ فروشندہ اسٹامپ اور اسکے واضح ہیں یا نہیں مشکوک و محکوک تو نہیں ہیں۔	۶		
۷	اگر اصل اسٹامپ پر تکمیل و تحریر کی تاریخ ہو تو وہ مشکوک و محکوک تو نہیں ہے	۷		
۸	اگر پہلی دستاویز کا اسٹامپ بوجہ دوسری دستاویز تکمیل کرنیکے واپس کیا جاتا ہے تو کوئی وثیقہ یا ضابطہ اسکے ساتھ منسلک ہے یا نہیں	۸		

کیفیت

اسٹامپ واپس کردہ تعداد　　قطعہ / قطعات　　اسٹامپ / ٹکٹ　　قیمتی فی

جملہ رقم وضع شدنی بابتہ حق ساخت　　رقم مستردشدنی بدرخواست گذار

ٹکٹ رسیدی کی ضرورت ہے　لہذا داخل کیا گیا ہے / نہیں

اگر ارشاد عالی ہو تو

حسب استدعاء درخواست گذار کو مبلغ / مرادی ایصال کرکے مہر حسب ضابطہ تلف اور مثل نظر ختم کارروائی داخل دفتر کیجاتی ہے فقط　۱۳۴ ف

اہلکار　　صیغہ دار　　سررشتہ دار

نمونہ نمبر (۳) سیاہہ جمع و خرچ اسٹامپ نمبر (۳) بابتہ ۱۳ف

تاریخ جمع و خرچ	اقسام اسٹامپ	سلک گذشتہ		آمد فی حال		جملہ		فروخت		باقی		کیفیت
		تعداد	قیمت	تعداد	قیمت	تعداد	قیمت	تعداد	قیمت	تعداد	قیمت	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳

الف ۔ رجسٹر دستاویزات جن پر ٹکٹ منقشہ ثبت ہون

تاریخ	نشان و عدد دستاویز	ولدیت و سکونت منفذ	کیفیت دستاویز	تعداد دستاویز	قیمت اسٹامپ مندرجہ دستاویز	جملہ قیمت	جملہ قیمت و تعداد	نمبر داخلہ رجسٹر	دستخط عہدہ دار	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱

(ب) رجسٹر دستاویزات غیر تکمیل شدہ جو تعلقداری یا دیگر عہدہ داروں سے برائے تکملہ وصول ہوں

تاریخ وصول	نشان و تاریخ مراسلہ		نشان سلسلہ	رسم	نوعیت دستاویز	تعداد دستاویز	مالیت	محصول مالیت	محصول رسوم اسٹامپ	تاریخ تکمیل	دستخط عہدہ دار	نشان و تاریخ مراسلہ جسکے ذریعہ دستاویز واپس ہو	
	نشان	تاریخ										نشان	تاریخ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴

(ج) رجسٹر دستاویزات تکمیل شدہ بہ علاقہ غیر جو تعلقداروں کے یہاں سے بغرض تکملہ وصول ہوں

تاریخ وصول	نشان تاریخ مراسلہ		نشان سلسلہ	رسم	نوعیت دستاویز	تعداد	مالیت	محصول مالیت	محصول رسوم اسٹامپ	تاریخ تکمیل	دستخط عہدہ دار	نشان و تاریخ مراسلہ جسکے ذریعہ دستاویز واپس ہو	
	نشان	تاریخ										نشان	تاریخ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴

(د) رجسٹر دستاویزات جو تعلقداران کے یہاں سے اس غرض سے وصول ہوں کہ اہل معاملہ کے ناکارہ اسٹامپ کے معاوضہ میں ان پر منقشہ ٹکٹ ثبت کئے جائیں

تاریخ وصول	نشان و تاریخ مراسلہ		نشان مسل	مسل	نوعیت دستاویز	تعداد	مالیت	مجوزہ مالیت	مجوزہ معاوضہ اسٹامپ	تاریخ تکمیل	نشان و تاریخ مراسلہ جسکے ذریعہ دستاویز واپس ہو		تعداد و قیمت ناکارہ اسٹامپ وصول شدہ		تاریخ تلف ناکارہ اسٹامپ	دستخط عہدہ دار
	نشان	تاریخ									نشان	تاریخ	تعداد	قیمت		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷

(ھ) رجسٹر نقدی بابتہ فروخت اسٹامپ یا فیس تکملہ متعلق بہ خانگی اشخاص

نشان و تاریخ درخواست		پیش کنندہ	نقد رقم ادا شدہ بابتہ			میزان ادا شدہ	رسید متعلق بہ ارسال خزانہ			دستخط عہدہ دار	کیفیت
نشان	تاریخ		قیمت اسٹامپ [illegible]		فیس تکملہ [illegible]		تاریخ	نشان	رقم		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲

(ل) رجسٹر خراب شدہ و ناکارہ اسٹامپ جو تعداد روپئے سے زائد بغرض تلف وصول ہوں اور ان کی قیمت واپس کی گئی ہو یا دوسرے اسٹامپ دئے گئے ہوں

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
تاریخ وصول	مرسل	اسٹامپ	تعداد اسٹامپ	قیمت	جملہ قیمت	جملہ اسٹامپ وصول شدہ	وضع شدہ	خرچ	تاریخ تلف اسٹامپ	دستخط عہدہ دار	کیفیت

(م)

رجسٹر درخواست ہائے [illegible] متعلق بہ اضلاع

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
تاریخ درخواست	نام فریق	نوعیت دستاویز	دستاویز غیر تکمیل شدہ یا تکمیل شدہ بہ علاقہ وغیرہ	تعداد دستاویزات	رقم مجتمعہ بہ خزانہ ضلع	تاریخ اجتماع رقم	تاریخ روانگی دستاویز بہ دفتر انسپکٹر جنرل اسٹامپ	تاریخ وصولی دستاویز از دفتر انسپکٹر جنرل اسٹامپ	تاریخ حوالگی دستاویز بہ فریق	

(ط) رجسٹر تاوان وصول شدہ بہ خزانہ ضلع بابتہ سال

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ماہ	حکم	نشان و تاریخ اسناد		حوالۂ دفعہ	رقم	کیفیت
		نشان	تاریخ			

(ح) رجسٹر اسٹامپ خراب شدہ جو تعلقداروں سے بغرض تلف وصول ہوں

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
تاریخ وصول	مرسل	نوعیت اسٹامپ	تعداد اسٹامپ	قیمت	جملہ قیمت	جملہ قیمت اسٹامپ جو بغرض تلف وصول ہوئے	دستخط عہدہ دار

(ل)

نقشہ مقدمات اسٹامپ و نتائج

بابتہ سنہ ۱۳ ف

۱	ضلع	
۲	تعداد مقدمات	
۳	تعداد اشخاص	جن پر دعویٰ ہوا
۴		جن پر ڈگری ہوئی
۵		جو بری ہوئے
۶	مقدار جرمانہ عائدہ	
۷	مقدار انعام تقسیم شدہ	
۸	کیفیت	

(ی)

رجسٹر اسناد و ڈگریات واپسی رسوم اسٹامپ

۱	تاریخ وصول	
۲	نشان سند	
۳	نام عدالت اجرا کنندہ	
۴	تاریخ سند	
۵	نام مدعی	
۶	رقم واپس شدنی	
۷	تاریخ حکم اجرائی	
۸	نام خزانہ	
۹	واپسی سند	نام
۱۰		تاریخ
۱۱	تاریخ ادائی	
۱۲	کیفیت	

(ل)

درخواست تکملہ

بخدمت شریف جناب انسپکٹر جنرل صاحب اسٹامپ

جناب تعلقدار صاحب اسٹامپ ضلع

درخواست گذار مستدعی ہے کہ دستاویز / دستاویزات منسلکہ کا تکملہ حسب صراحت ذیل فرمایا جائے

مبلغ　بابتہ رقم تکملہ پیش ہے۔

تعداد نوعیت دستاویز

رسوم اسٹامپ

دستخط

(م)

صداقتنامہ

مین اس امر کی تصدیق کرتا ہون کہ اسٹامپ خراب شدہ و ناکارہ قیمتی ر
حسب تفصیل ذیل میرے روبرو شمار تلف کئے گئے۔

ٹکٹ رسوم عدالت

اسٹامپ عدالتی

اسٹامپ دستاویزی

اسپشیل چسپاندنی اسٹامپ

ٹکٹ ٹپہ معمولی

سرویس ٹکٹ

کاغذ ہنڈوی

ٹکٹ ہنڈوی

دیگر

تعداد ناکارہ اسٹامپ جنکی قیمت واپس کی گئی ۔

اسٹامپ دستاویزی
" عدالتی
ٹکٹ رسوم عدالت

دفتر انسپکٹر جنرل اسٹامپ

جملہ

حیدرآباد ۱۳ف

بخدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی بجواب مراسلہ نشان د) مورخہ ۱۳ف

(ل)

نمونہ درخواست واپسی قیمت اسٹامپ

باجلاس . . . .

(۱) نام درخواست گذار مع ولدیت و عمر
(۲) پورا پتہ
(۳) نمبر ساخت اسٹامپ
(۴) نمبر فروخت اسٹامپ
(۵) قیمت اسٹامپ
(۶) تاریخ فروخت اسٹامپ
(۷) مقام بیع
(۸) نام بائع (اسٹامپ فروش)
(۹) نام خریدار اسٹامپ
(۱۰) نام مختار خریدار
(۱۱) مختصر وجوہ واپسی بحلف ۔

(س)

تنقیح عرائض تشخیص وتکمیل اسٹامپ محکمہ سرکار عالی (صیغہ اسٹامپ)

نشان مسلسل	فقرات تنقیحات وکیفیت	نشان مسلسل	جواب تنقیح	تجویز عہدہ دار
۱	۲	۳	۴	۵
۱	عرضی اصالتاً پیش ہوئی ہے یا وکالتاً یا مختاراً	۱		
۲	مختاراً یا وکالتاً پیش ہونیکی صورت مین مختارنامہ یا وکالت نامہ حسب ضابطہ منسلک ہے یا نہین	۲		
۳	عرضی پر دستخط یا علامت یا مہر عرضی گزار یا وکیل وغیرہ کی ہے یا نہین	۳		
۴	عرضی کامل القیمت اسٹامپ پر ہے یا نہین بصورت سادہ کاغذ پر ہونیکے کافی وجوہ استثنا درج ہے یا نہین	۴		
۵	عرضی پر صحیح تاریخ پیش ہونیکی درج ہے یا نہین	۵		
۶	نقل دستاویز منسلک ہے یا نہین۔	۶		
۷	دستاویز دوسری زبان مین ہے تو ترجمہ منسلک ہے یا نہین	۷		
۸	بلحاظ دفعات نمبر (۱۶) یا نمبر (۲۸) یا نمبر (۳۳) قانون اسٹامپ عرضی بین المیعاد پیش ہوی ہے یا کیا بصورت ثانی ثبوت بین المیعاد پیش ہے	۸		

کیفیت

تمت

مندرجہ جریدہ اعلامیہ سرکار عالی مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۴۵ف جزو اول صفحہ (۱۰۴۲ تا ۱۰۷۲)

سررشتہ اسٹامپ

اعلان محکمہ معتمدی عدالت وکوتوالی امورعامہ سرکارعالی (صیغہ اسٹامپ)

نشان (۲) واقع یکم دی ۱۳۴۵ف

ہرگاہ دفعات (۱۶ - ۲۹ - ۳۰ - ۳۹) قانون اسٹامپ کے لحاظ تشخیص وتکمیل اسٹامپ دستاویزات کے صرف تعلقدار مجاز کئے گئے ہیں - اور بموجب دفعہ (۲) فقرہ (۸) قانون اسٹامپ فقط تعلقدار سے اضلاع میں اول تعلقدار ضلع اور بلدہ میں انسپکٹر جنرل اسٹامپ مراد ہیں - لہذا لفظ "تعلقدار" کی تعریف میں بجز عہدہ داران مذکورہ کے تعلقداران سمستانات وجاگیرات و پائیگاہ داخل نہیں ہوسکتے - پس اگر علاقہ جات موصوف میں تشخیص وتکمیل اسٹامپ دستاویزات کی ضرورت پیش آئے تو اول معاملات کو حسب ضابطہ دفاتر مجاز میں رجوع ہونا چاہئے یا دستاویزات معہ نقول واخراجات ضروری بلحوظی میعاد محکومہ دفعات مذکور الصدر دفتر انسپکٹر جنرل صاحب اسٹامپ یا دفاتر اول تعلقداران صاحبان اضلاع سرکارعالی پر بھیجدئے جائیں اور دفاتر مذکورہ کو لازم ہوگا کہ باضابطہ تشخیص وتکمیل اسٹامپ کے بعد اصل معاملات یا دفاتر فرستندہ کو بلا تاخیر غیرضروری دستاویزات مسترد کردیں - فقط

شرح دستخط

خواجہ اسد اللہ خاں

مددگار معتمد عدالت وکوتوالی وامور عامہ سرکارعالی

مندرجہ جریدہ مورخہ ۲۰ دے ۱۳۴۵ف جزو اول صـ ۱۱۶۲ تا ۱۱۵ نمبر (۸)

صیغہ عدالت و کوتوالی و امور عامہ سر رشتہ اسٹامپ

رزولیوشن محکمہ معتمد عدالت و کوتوالی امور عامہ سرکار عالی واقع ۲۱ آبان ۱۳۴۶ف م ۵ رجب ۱۳۵۶ھ ۱۱ ستمبر ۱۹۳۷ء

نشان (۱۵۱) ۶/۱۵۱ متفرق نشان (۶۸) بابتہ ۱۳۳۲ف

مقدمہ اخذ رسوم درخواست بصیغہ لوکلفنڈ بہ محکمہ جات معتمدین وغیرہ (اسٹامپ)

کاغذات ذیل پیش و ملاحظہ ہو۔

(۱) رزولیوشن محکمہ ہذا (۳۱۵) مورخہ ۱۱ بہمن ۱۳۳۵ف

(۲) مراسلہ دفتر انسپکٹر جنرل صاحب رجسٹریشن و اسٹامپ سرکار عالی (۱۳۸۳۲) مورخہ ۱۳ آبان ۱۳۴۵ف

(۳) مراسلات مشیر صاحب قانونی سرکار عالی نشان (۴) مورخہ ۴ آذر ۱۳۴۷ف و نشان (۳) مورخہ ۳ آذر ۱۳۴۶ف رزولیوشن مذکور کے ذریعہ بصیغہ لوکلفنڈ درخواستوں پر رسوم لینے کے متعلق جو صراحت کیگئی ہے وہ قانون رسوم عدالت کے مغائر ہونا پائی جاتی ہے اس لئے حسب رائے انسپکٹر جنرل صاحب رجسٹریشن و اسٹامپ و مشیر صاحب قانونی سرکار عالی عالیجناب رائٹ آنریبل سر صدر اعظم بہادر باجلاس باب حکومت منعقدہ ۲۷ شہریور ۱۳۴۶ف رزولیوشن مذکور کے بجائے حسب ذیل حکم صادر فرماتے ہیں۔

(حکم)

چونکہ صیغہ لوکلفنڈ سے رعایا کو خاص تعلق ہے اور اسکی آمدنی رعایا کے مقامی رفاہ کے کاموں میں صرف ہوتی ہے اس لئے جب کوئی درخواست بصیغہ لوکلفنڈ کسی دفتر میں پیش ہو خواہ وہ دفتر کسی درجہ کے عہدہ دار کا ہو ایک آنہ (۱) کا رسوم لیا جائے۔ پس جملہ دفاتر میں عمل ہوا کرے فقط حسب الحکم

محمد اظہر حسن معتمد عدالت کوتوالی و امور عامہ سرکار عالی

مندرجہ جریدۂ اعلامیہ سرکار عالی مورخہ ۲۳ اسفندار ۱۳۴۶ف جزو اول صفحہ ۴۲۱ نمبر ۱۵

مراسلہ ہدایتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی سررشتہ انتظامی صیغہ استدراک مشمولہ مثل عدالت العالیہ
نشان ۲۰۶۶ ۱۳۴۳ ف

نشان مجاریہ (۱۶۶۹۹)

واقع ۸ ماہ آبان ۱۳۴۶ ف (صیغہ استدراک)

حسب الحکم مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی
بخدمت جمیع نظماء عدالت ہائے ممالک محروسہ سرکار عالی

مضمون
دستاویز کی بیضابطہ تکمیل بغرض نقصان سرکاری ظاہر ہو تو ارسال دستاویز کے وقت انسپکٹر جنرل رجسٹریشن اسٹامپ کو بصراحت وجوہ وحالات اطلاع دیجایا کرے

قبل ازیں بناء تحریک انسپکٹر جنرل صاحب رجسٹریشن واسٹامپ گشتی مجلس ۶ بابتہ ۱۳۴۳ ف جاری کی گئی تھی اب یہ تحریک کی ہے کہ "دستاویزات کی بیضابطہ تکمیل ادائی رسوم سے گریز کرنے کی نیت سے یا محض غفلت وسہو سے عمل میں آئی اس کا اندازہ حکام مال وعدالت کرسکتے ہیں پس وصول رسوم کی اطلاع کے ساتھ عدالتوں سے رائے کا اظہار بھی ہوا کرے" اجلاس انتظامی سے جواب دیا گیا تھا کہ "ہر کارروائی میں عدالتوں پر اس کا لزوم عائد کرنا کہ وہ اپنی رائے بھی اسبارہ میں دیا کریں کہ آیا کمی اسٹامپ یا عدم استعمال اسٹامپ بدنیتی پر مبنی تھا مناسب نہیں ہوسکتا اس لئے کہ صحیح رائے کے قیام کے لئے اکثر وبیشتر مقدمہ پیش شدہ سے ہٹ کر اسبارہ میں تحقیقات ضروری ہوجائیگی۔ البتہ بعض اوقات نفس مقدمہ کی تحقیقات کے سلسلہ میں ایسے امور ظاہر ہوسکتے ہیں جن سے اس مسئلہ پر روشنی پڑسکے"

پس حسب الحکم عالیجناب نواب صدرالمہام بہادر عدالت مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار نمبر ۲۰ مورخہ ۲۷ اردی بہشت ۱۳۴۶ ف حکم دیا جاتا ہے کہ بصورت اس کے کہ بضمن تحقیقات مقدمہ عدالت کی رائے میں حسب معقول وجوہ قرار دینے کے موجود ہوں کہ عمداً سرکاری نقصان کی غرض سے دستاویز اسٹامپ زدہ نہیں کیا گیا تو دستاویز ارسال کرتے وقت بصراحت وجوہ وحالات انسپکٹر جنرل رجسٹریشن واسٹامپ کو جیسی صورت ہو مطلع کیا کریں۔

عام طور سے محکمہ اسٹامپ کے عہدہ داران کا یہ فرض ہے کہ وہ فریق کو طلب کرکے

یا اور طرح سے اطمینان کرلیا کریں اور ضرورت ہو تو عدالت متعلقہ سے ضروری کاغذات کے نقول طلب کرسکتے ہیں ۔ پس حسبہ عمل ہو فقط

شرح دستخط ۔ معتمد مجلس عالیہ

مندرجہ جریدہ مورخہ ۲۹ ؍ آبان ۱۳۴۶ف جزو ثانی صفحہ ۱۷۸۳ نمبر ۴۸

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی واقع ۱۹ ؍ دی ماہ الٰہی ۱۳۴۶ف

نشان مجاریہ (۱۱) نشان مثل (۱۰۶) بابتہ ۱۳۳۹ف شاخ (عام)

مقدمہ

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ داران صاحبان ملک سرکار عالی

تنقیح لزوم اسٹامپ برائے ضمانت ناموں جات ملازمین

باطلاع عالیجناب رائٹ آنریبل نواب سر صدر المہام بہادر فینانس مندرجہ مراسلہ محکمہ فینانس نشان (۲۸۶) صیغہ حساب مورخہ ۲۸ ؍ آذر ۱۳۴۶ف دستور العمل خزانہ عامرہ سرکار عالی کے ذریعہ گشتی دفتر ہذا نشان (۷) بابتہ ۱۳۴۱ف کے مرمہ دفعات (۵۴ و ۵۶) کی حسب ذیل ترمیم کی جاتی ہے :۔

ف ۔ (۵۴) ۔ ضمانت عموماً زرنقد یا پرامیسری نوٹ کی صورت میں وصول کی جائیگی لیکن جائداد غیر منقولہ بھی ضمانت میں قبول ہوسکیگی بشرطیکہ اس کی مالیت اور قبضہ کی تصدیق اور ضمانت نامہ کی باضابطہ رجسٹری ذریعہ محکمہ مجاز قبل از قبل کرادی جائے اور ہر سال تصدیق مالیت وقبضہ کی تجدید ہوا کرے ۔

نمونہ ضمانت نامہ

ف (۵۶) ضمانت نامہ حسب نمونہ (۸) یا (۹) جیسی صورت ہو لیا جائیگا یعنی اگر ضمانت نقد یا پرامیسری نوٹ میں داخل کی گئی ہے تو نمونہ (۸) ورنہ نمونہ (۹) استعمال ہوگا ۔

ف۔ پرچہ ترمیم متعاقب شائع ہوگا۔

مرزا نصر اللہ خاں ۔ صدر محاسب سرکار عالی

مندرجہ جریدہ مورخہ ۹؍ اسفندار ۱۳۴۶ف جزو ثانی نمبر ۱۳

سررشتہ اسٹامپ

اعلان محکمہ سرکار عالی عدالت و کوتوالی و امور عامہ (صیغہ اسٹامپ)

نشان مجاریہ (۱۵) واقع ۱۶؍ شہریور ۱۳۴۶ف

بربنائے تحریک دفتر نظامت بلدیہ امور ذیل تصفیہ شدنی ہیں۔

۱۔ فی الحال کمشنر صاحب صفائی بلدہ کا نام ناظم بلدیہ سے تبدیل ہوگیا ہے اور تبدیلہ نام مد (۱) ضمیمہ نمبر (۲) قانون رسوم عدالت میں درج نہیں لہذا محکمہ جات لوکلفنڈ اور صفائی کے ساتھ دفتر نظامت بلدیہ کا نام بھی درج مذکورہ ہونا چاہئے یا کیا۔

۲۔ دفتر نظامت بلدیہ میں بعض درخواستیں شخصی اغراض سے غیر متعلق صرف محلہ جات کے حالات مثلاً راستوں موریوں نلوں کی درستی و مرمت اور مخدوش دیواروں کے انہدام یا صفائی کے انتظام کے لئے بلا استدعائے ذاتی پیش ہوتی ہیں اور دفعہ (۱۵) قانون رسوم عدالت میں ایسی رفاہ عام کی درخواستوں کے مستثنیٰ ہونے کا کوئی تذکرہ نہیں ہے لیکن ایسی درخواستوں یا تحریرات پر رسوم عاید کرنا پبلک کو اُن کی واجبی شکایات سے باز رکھنا ہے۔

ہر دو امور مذکورہ کے متعلق انسپکٹر جنرل صاحب رجسٹری و اسٹامپ اور مشیر صاحب قانونی سرکار عالی کی رائے ہے کہ محض تبادلہ نام سے دفتر نظامت بلدیہ تعریف محکمہ صفائی و لوکلفنڈ سے خارج متصور نہیں بلکہ اُس کے مفہوم میں داخل ہے لہذا مد (۱) ضمیمہ نمبر (۲) میں اندراج و ترمیم کی ضرورت نہیں البتہ درخواستہائے رفاہ عام کو لزوم رسوم مستثنیٰ قرار دینا چاہیے چونکہ حسب منشاء دفعہ (۳۹) قانون رسوم عدالت سرکار کو معافی اور تخفیف رسوم کا اختیار حاصل ہے لہذا بمنظوری اجلاس بابت حکومت سرکار عالی حکم دیا جاتا ہے کہ دفتر نظامت بلدیہ باغراض رسوم درخواست مد (۱) ضمیمہ نمبر (۲) قانون رسوم عدالت کے مفہوم میں داخل سمجھا جائے اور درخواست رفاہ عام کو

جن میں کوئی ذاتی استدعا نہ ہو لزوم رسوم اسٹامپ سے معاف کیا جاتا ہے حسبہ
تعمیل ملحوظ رہے فقط

خواجہ اسد اللہ خاں مددگار معتمد

مندرجہ جریدہ مورخہ ۱۰ار بہمن ۱۳۴۶ف جزء اول صفحہ ۳۷ نمبر ۴۱

مراسلہ از دفتر انسپکٹر جنرل رجسٹریشن و اسٹامپ ملک محروسہ سرکار عالی

صیغہ اسٹامپ   واقع ۷؍ آذر ۱۳۴۷ف

نشان مجاریہ (۲۹) تا ۱۵۸

نشان مثل فرنذا (۳۱) بابتہ ۱۳۴۲ف

منجانب مولوی محمد رحیم الدین ایم۔اے انسپکٹر جنرل رجسٹریشن و اسٹامپ سرکار عالی
بخدمت جمیع ناظم صاحبان حسابات اسٹامپ و خزانہ این سرکار اضلاع
سرکار عالی و مہتمم صاحب خزانہ عامرہ

مقدمہ

ترویج اڈہیسو اسٹامپ

اسٹامپ قسم دوم بموجب قاعدہ (۷۱) قواعد اسٹامپ جدید یعنی اڈہیسو اسٹامپ
قسم (۲ و ۴ و ۸) [illegible]
) جس کے ہر تختہ میں (۶۰) ٹکٹ ہیں حسب الحکم صدر اعظم بہادر طبع
وتیار ہو چکے ہیں۔ جو مختلف قسم کے کاروبار میں تحت قواعد اسٹامپ جدید مستعمل
ہونگے۔ اور اُن سے تحملہ بھی ہو سکیگا۔ مخفی نہ رہے کہ بجز سالم تختہ کے چیدہ طور پر
ٹکٹ اجرا نہ ہونگے۔ لہذا براہ کرم اپنے اپنے خزائن کے لئے بلحاظ ضرورت ہر قسم کا اسٹاک
مہیا رکھنے کے لئے مطلوبہ جات مرتب و روانگی کا انتظام فرمایا جائے۔

مثنیٰ - ہذا بخدمت ایجنٹ صاحبان بنک ہائے حیدرآباد و سکندرآباد مرسل و ترقیم ہے کہ اڈھیسو اسٹامپ طبع و تیار ہو چکے ہیں۔ بلحاظ ضرورت خزائن عامرہ سرکار عالی سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

ثالث بخدمت ناظم صاحب دارالضرب و کاغذ مہور سرکار عالی بجواب مراسلہ نشان ۲٦٠٦ مورخہ ۲۹ ہر آبان ۱۳۴٦ف مرسل و ترقیم ہے کہ آیندہ ٹکٹ ہنڈوی کی طباعت میں کمی کرنا مناسب ہے۔

رابع بجواب مراسلہ نشان (۲۷٦) مورخہ ۱۱ ہر اردی بہشت ۱۳۴۵ف بخدمت شریف جناب معتمد صاحب سرکار عالی علاقہ عدالت و کوتوالی و امور عامہ (صیغہ اسٹامپ) اطلاعاً پیش ہے۔

شرحدستخط - نگرانکار انسپکٹر جنرل

مندرجہ جریدہ مورخہ ۲۷ ہر آذر ۱۳۴۷ف

گشتی دفتر انسپکٹر جنرل رجسٹریشن اسٹامپ ممالک محروسہ سرکار عالی

واقع ۱۲ ہر بہمن ۱۳۴۷ف

گشتی نشان ۱

نشان مثل (۳۲۸) ۱۳۴۴ف انتظامی

منجانب مولوی محمد عبدالحمید انسپکٹر جنرل رجسٹریشن و اسٹامپ
بخدمت جملہ عہدہ داران صاحبان رجسٹری ممالک محروسہ سرکار عالی
} (مقدمہ) ترمیم دفعات قوانین اسٹامپ و رجسٹری

اگرچہ بغرض تشخیص فیس رجسٹری اور تعین مالیت دستاویزات کے لئے قواعد رجسٹری مندرجہ جزو اول جریدہ نمبر ۳۲ مورخہ ۲٦ ہر تیر ۱۳۴۰ف کی دفعہ (۱۲۷) ضمن (۳) کی تحت مد (۱) کے فقرہ (ج) میں دفعات (۵ و ٦ و ۱۸ و ۱۹ و ۲۱ و ۲۳) قانون اسٹامپ سے امداد لینے کا حکم ہے لیکن چونکہ ترمیم قانون رجسٹری نمبر (۳) بابتہ ۱۳۴٦ف مندرجہ جزو ثالث جریدہ نمبر (۷) مورخہ ۱۹ ہر دے ۱۳۴٦ف کے ذریعہ قانون رجسٹری میں جدید دفعہ (۱٦۹) الف قایم کی گئی ہے جسکی رو سے تعین مالیت دستاویزات کے لئے

قواعد منظوری سرکار مرتب کرنے کا محکمہ ہذا کو اختیار حاصل ہے نظر بران بمنظوری
محکمۂ سرکار صیغہ رجسٹری مندرجہ مراسلہ نشان (۱۴۱) مورخہ ۲۶ ہردی ۱۳۴۷ ف
حکم دیا جاتا ہے کہ حرف (ج) دفعہ (۱۲۷) قواعد رجسٹری محولۂ بالا میں حسب ذیل
عبارت اضافہ کیجائے" اگر کسی دستاویز میں بجز اس کے تعین مالیت جائداد نہو سکتا
اور مقدار مالیت درج نہو تو مقر دستاویز سے مالیت جائداد درج کرائی جائے
اور اگر مندرجہ مالیت کے صحیح اور واجبی ہونے کی نسبت بوجوہ معقول شبہ ہو تو
جائداد کی مالیت کا صداقت نامہ حدود بلدہ میں دفتر نظامت بلدیہ اور حدود
اضلاع و تحصیلات میں صیغہ کلکٹر یا دفتر تحصیل یا ایسے عہدہ دار کا جس سے تشخیص
مالیت امکنہ و اراضیات متعلق ہو حاصل و پیش کرنے کی ہدایت دیجائے" فقط
محمد عبدالحمید صدیقی انسپکٹر جنرل

مندرجہ جریدہ مورخہ ۱۵ اسفندار ۱۳۴۷ف جزو ثانی ۳۸۶ نمبر ۱۴ صفحہ ۳۸۶

فہرست کتب قانونی ممالک محروسہ سرکار عالی

کتاب	قیمت
جدید قانون اسٹامپ نشان (۴) ۱۳۱۴ف معہ ترمیم نشان (۴) ۱۳۲۶ف معہ نظائر	عصہ
جدید قواعد اسٹامپ نشان (۴) ۱۳۱۴ف مطبوعہ ۱۳۲۷ف	۱۲/
جدید قانون رجسٹری نشان (۴) ۱۳۰۷ف و نشان (۸) ۱۳۰۹ف و نشان (۷) ۱۳۱۳ف و نشان (۳) ۱۳۲۶ف	۸/
جدید قواعد تحت رجسٹری نشان (۴) ۱۳۲۸ف معہ جنتری فیس رجسٹری	۱۲/
جدید قانون رسوم عدالت نشان (۶) ۱۳۱۴ف و نشان (۲) ۱۳۲۵ف	۸/
جدید قواعد رسوم عدالت	۸/
جدید قانون انتقال جائداد نشان (۱) ۱۳۱۶ف و نشان (۳) ۱۳۲۱ف معہ نظائر	۸/
جدید دستور العمل انتقال اراضی معہ قانون حقوق اراضی نشان (۵) ۱۳۲۶ف	۸/
جدید قانون دستاویزات قابل بیع وشری نشان (۵) ۱۳۱۸ف و نشان (۴) ۱۳۲۹ف	۸/
جدید قواعد دستاویزات قابل بیع وشری نشان (۵) ۱۳۱۸ف	۸/
جدید دستور العمل انتقال اراضی بابتہ ۱۳۲۳ف معہ قانون حقوق اراضی نشان (۵) ۱۳۲۶ف	۸/

ملنے کا پتہ

محمد برہان الدین تاجر کتب قانونی اندرون دروازہ نیا پل حیدرآباد دکن